Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم
جلد 13 | بدھ، یکم مارچ 2023ء، 08 شعبان المعظم 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 282

عمران خان کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی کی ہے تو وہ ہمیں بتادیں، عمران خان اس وقت زمان پارک میں موجود نہیں ہیں

الیکشن کرانے سے نہیں بھاگ رہے جب آرڈر آئے گا کرادیں گے، محسن نقوی

دوران سماعت جسٹس منیب اختر نے ریمارکس میں کہا کہ اسمبلی تحلیل ہونے کے ساتھ ہی 90 روز کا وقت شروع ہوجاتا ہے، نگراں وزیر اعلیٰ پنجاب

عمران خان اس وقت زمان پارک میں موجود نہیں ہیں، اس لیے سکیورٹی ہٹالی ہے، عمران خان واپس لاہور آئیں گے تو سکیورٹی دوبارہ دینے کے معاملے پر نظر ثانی کریں گے

لاہور (نامہ نگار) صوبہ پنجاب کے نگراں وزیرِ اعلیٰ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ہم الیکشن کرانے سے نہیں بھاگ رہے، جب آرڈر آئے گا انتخابات کرا دیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لاہور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمران خان کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی کی ہے تو وہ ہمیں بتادیں، عمران خان اس وقت زمان پارک میں موجود نہیں ہیں، اس لیے سکیورٹی ہٹالی ہے، عمران خان واپس لاہور آئیں گے تو سکیورٹی دوبارہ دینے کے معاملے پر نظر ثانی کریں گے۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کے قیدیوں کی کل تعداد کے بارے میں معلوم نہیں، لاہور میں گنجائش کم ہونے کے باعث گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کو دیگر جیلوں میں بھیجا گیا ہے۔ دوسری طرف سپریم کورٹ میں پنجاب اور خیبر پختونخوا انتخابات سے متعلق از خود نوٹس کی سماعت جاری ہے، سپریم کورٹ کا 5 رکنی بینچ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات میں تاخیر پر از خود نوٹس کی سماعت کر رہا ہے، بینچ میں جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس منیب اختر، جسٹس جمال خان اور جسٹس محمد علی مظہر شامل ہیں۔ دوران سماعت جسٹس منیب اختر نے ریمارکس میں کہا کہ اسمبلی تحلیل ہونے کے ساتھ ہی 90 روز کا وقت شروع ہوجاتا ہے، اسمبلی تحلیل ہونے کے بعد وقت ضائع کرنے کی کیا ضرورت ہے، آرٹیکل 57 کے مطابق انتخابات کی تاریخ دینا آئینی ذمہ داری ہے۔

پیدل چلنا محال ٹریفک جام معمول، شہریوں کا ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ

ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے دکانداروں کا فٹ پاتھوں پر بدستور قبضہ پیدل چلنا محال ٹریفک جام معمول بن

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گرجاروڈ یوسی 89 چک جلال دین میں تجاوزات کی بھرمار۔ ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے دکانداروں کا فٹ پاتھوں پر بدستور قبضہ پیدل چلنا محال ٹریفک جام معمول بن گیا۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ ضلعی (بقیہ نمبر 3)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے معاہدے میں تاخیر کی اطلاعات

مانیٹری پالیسی میں اضافے کے اعلان اور بجلی بلوں کی وصولیاں شروع کرنے کے بعد ہوں گے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان اور آئی ایم ایف کے مزید مذاکرات نہ ہونے کی وجہ سے معاہدے میں تاخیر کی اطلاعات سامنے آگئیں۔ میڈیا کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ تاخیر کا شکار ہوچکا ہے، کیوں کہ گزشتہ (بقیہ نمبر 2)

مجھ پر کرپشن کا الزام ثابت ہوجائے تو پھانسی دی جائے، عثمان ڈار

عمران خان نے 26 سال اس فرسودہ نظام کے سامنے جہاد کیا ہے، میرے خلاف انتقامی کارروائی کی جارہی ہے

سیالکوٹ (خبر نگار) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما عثمان ڈار کا کہنا ہے کہ مجھ پر کرپشن کا الزام ثابت ہوجائے تو علامہ اقبال چوک میں پھانسی دی جائے۔ کرپشن کے الزامات میں عثمان ڈار انٹی کرپشن ٹیم کے سامنے پیش ہونے کے بعد میڈیا (بقیہ نمبر 1)

سولر پینلز کی تیاری کی مجوزہ پالیسی آئندہ ہفتے کابینہ اجلاس میں منظوری کیلئے پیش کردی جائے گی، الیکٹرک بائیکس کی تیاری کے حوالے سے بھی پالیسی حتمی مراحل میں ہے

وزیراعظم کی سولرائزیشن منصوبے جلد مکمل کرنے کی ہدایت

گیزرز میں کونیکل بیفلز کی تنصیب کا منصوبہ مقررہ ہدف سے ایک ماہ پہلے ہی مکمل کرلیا گیا، اس موقع پر بجلی کی زیادہ کھپت والے پنکھوں اور بلبوں کے حوالے سے بتایا گیا

بریفنگ کے دوران 10 ہزار میگاواٹ سولرائزیشن منصوبے پر پیش رفت کے حوالے سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا گیا کہ سرکاری عمارتوں کی سولرائزیشن معینہ مدت میں یقینی بنائی جائے گی

شہباز شریف نے تھرمیاری 500KV ٹرانسمیشن لائن بچھانے میں تعطل پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تھرمیاری ٹرانسمیشن لائن کو معینہ مدت میں کیوں مکمل نہ کیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت موسم گرما میں بجلی کی فراہمی اور پاور سیکٹر کے مختلف منصوبوں کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں بجلی کی متوقع طلب اور لوڈ مینجمنٹ کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کے دوران 10 ہزار میگاواٹ سولرائزیشن منصوبے پر پیش رفت کے حوالے سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا گیا کہ سرکاری عمارتوں کی سولرائزیشن معینہ مدت میں یقینی بنائی جائے گی، سولر پینلز کی تیاری کی مجوزہ پالیسی آئندہ ہفتے کابینہ اجلاس میں منظوری کیلئے پیش کر دی (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وزیراعظم کی زیرصدارت اجلاس، سولرائزیشن منصوبے جلد مکمل کرنے کی ہدایت

پشاور ہائیکورٹ نے بلدیاتی نمائندوں کو بحال کردیا

الیکشن کمیشن آف پاکستان، اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرل کو نوٹس جاری

پشاور (جنرل رپورٹر) ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے بلدیاتی نمائندوں کی معطلی کے اعلامیہ کو معطل کرتے بلدیاتی نمائندوں کو بحال کر دیا۔ عدالت نے الیکشن کمیشن آف پاکستان، اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی سماعت کل 2 مارچ کے (بقیہ نمبر 6)

توشہ خانہ کیس میں عمران خان کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

لاہور (جنرل رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے توشہ خانہ کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 5)

محسن نقوی کی ہدایات — بغیر این او سی کے اخبار، رپورٹر بن کر خود کو صحافی کہلانے والے افراد کیخلاف کارروائیوں کا سلسلہ شروع

دیپال پور، کھاریاں اور منڈی بہاؤالدین میں خود کو صحافی ظاہر کرنے والے 6 افراد کے خلاف مقدمہ درج ہوگیا

گوجرانوالہ میں بھی بغیر این او سی کے اخبارات نکالنے والے صحافیوں کی لسٹ تیار کرلی گئی ہے جلد مقدمات درج ہوں گے

لاہور (خصوصی رپورٹر) نگران وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر آئی جی پنجاب کے حکم پر ویب چینل اور بغیر اجازت این او سی کے اخبارات نکالنے والے صحافی اور رپورٹر بن کر خود کو صحافی کہلانے والے افراد کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ شروع کردیا گیا۔ دیپال پور، کھاریاں اور منڈی بہاؤالدین (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد: توشہ خانہ کیس، اسلام آباد ہائی کورٹ نے عمران خان کی عبوری ضمانت منظور کرلی

گرجا روڈ تجاوزات کی بھرمار، فٹ پاتھوں پر ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے دکانداروں کا قبضہ

ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے دکانداروں کا فٹ پاتھوں پر بدستور قبضہ پیدل چلنا محال ٹریفک جام معمول بن

ضلعی انتظامیہ کی چشم پوشی کے باعث شہر کی تمام سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر تجاوزات مافیا نے پنجے گاڑھ رکھے ہیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گرجاروڈ یوسی 89 چک جلال دین میں تجاوزات کی بھرمار۔ ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے دکانداروں کا فٹ پاتھوں پر بدستور قبضہ پیدل چلنا محال ٹریفک جام معمول بن گیا۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ ضلعی انتظامیہ کی چشم پوشی کے باعث (بقیہ نمبر 11)

حکومت کا بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی امدادی رقم میں 25 فیصد اضافے کا فیصلہ، شازیہ مری

حکومت پاکستان خواتین کو بینظیر انکم سپورٹ کے ذریعے بااختیار بنانے کی کوششیں کر رہی ہے، وفاقی وزیر شازیہ مری

ملاقات میں سیکرٹری وزارت برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ غفران میمن اور سیکرٹری بی آئی ایس پی یوسف خان بھی موجود تھے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ اور چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام محترمہ شازیہ مری نے کہا ہے کہ حکومت نے بینظیر انکم سپورٹ کے تحت مستحق خواتین کی امدادی رقم میں 25 فیصد اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ بات انہوں نے آج (بقیہ نمبر 19)

وزارت صحت نے متعدد طبی آلات کو اندراج اور رجسٹریشن سے استثنیٰ دے دیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزارت صحت نے متعدد میڈیکل ڈیوائسز (طبی آلات) کو اندراج اور رجسٹریشن سے استثنیٰ دیدیا۔ وزارت صحت کے نوٹیفکیشن کے مطابق اے، بی، سی اور ڈی کلاس میڈیکل ڈیوائسز اندراج اور رجسٹریشن سے مستثنیٰ ہوں گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق میڈیکل ڈیوائسز میں ہارٹ والوز، لنگ وینٹی لیٹرز، ماسک، ہائپو ڈرمک نیڈلز (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: محترمہ شازیہ مری، فنڈ برائے آبادی کے نمائندے ڈاکٹر لوئے شبانے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کو معاشی میدان میں خود کفیل بنانے کیلئے آئی ایم ایف کا شکنجہ توڑنا ہوگا، سردار محمد خان لغاری

لاہور (خصوصی رپورٹر) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری نے کہا ہے کہ اشرافیہ کی ہوشربا مراعات معیشت پر بوجھ ہیں، ایک طرف ہوشربا مہنگائی اور دوسری طرف ہوشربا مراعات یہ تضادات ناقابل فہم اور ناقابل برداشت ہیں، غریب عوام سے قربانی کی توقع کرنے والے حکمران اور اشرافیہ طبقہ خود کفایت شعاری اپنائیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے (بقیہ نمبر 9)

جوڈیشل کمپلیکس میں توڑ پھوڑ کے معاملے پر پولیس کا موقف سامنے آگیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) اسلام آباد میں جوڈیشل کمپلیکس میں توڑ پھوڑ کے معاملے پر پولیس کا موقف سامنے آگیا۔ اسلام آباد (بقیہ نمبر 16)

آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن اہم اجلاس منعقد

اجلاس میں اپیسما کی طرف سے ڈویژنل صدر ابرار احمد خان، کرنل رفواد حنیف، دیگر کی شرکت

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن اور پاکستان، آذربائیجان اور ترکیہ (PAT) کے لیے مختلف شعبہ جات میں باہمی فروغ کے لیے کام کرنے والی تنظیم کے نمائندوں کا ایک اہم اجلاس ایک مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اپیسما کی طرف سے ڈویژنل صدر ابرار احمد خان، کرنل رفواد حنیف، عدنان نثار اور PAT کی طرف سے پروڈیوسر پروگرام پاکستان ٹیلی ویژن انیق الرحمٰن، سیکرٹری سی۔سی۔آئی ابوظفر، سید صہیب الحق، ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل سپورٹس بورڈ شاہد اسلام اور محمد ارشد نے نمائندگی کی۔ اجلاس میں انیق الرحمٰن نے PAT کے اغراض (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی: پاکستان، آذربائیجان اور ترکی کیلئے مختلف شعبہ جات میں کام کرنے والی تنظیم کے ہنماؤں کا گروپ فوٹو

جی ٹی روڈ گوجر خان پر ریڑھی بانوں کا قبضہ اداروں کی ملی بھگت یا بے بسی

جی ٹی روڈ کے وسط میں لگے جنگلے جگہ جگہ سے توڑ کر کراسنگ پوائنٹس بن گئے لوہے کے جنگلے غائب سرکاری خزانے کو لاکھوں کا نقصان

جی ٹی روڈ کے سیفٹی بلاکس جگہ جگہ سے ٹوٹ کر سروس روڈ نالے پر گر گئے این ایچ اے اتھارٹی اور گوجر خان انتظامیہ خواب غفلت کا شکار

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجر خان مسائل کی آماجگاہ بن گیا جی ٹی روڈ اور انڈر پاس کی اطراف پر جگہ جگہ ریڑھی بانوں نے قبضہ جما لیا جسکی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر ہونا معمول بن گیا این ایچ اے اتھارٹی، گوجر خان ایڈمنسٹریشن کی عدم توجہی اور لاپرواہی کی بنا پر جی ٹی روڈ کی خوبصورتی ماند پڑ گئی اسے این ایچ اے، بلدیہ کی ملی بھگت سمجھا جائے یا انکی بے بسی جبکہ جی ٹی روڈ کے وسط میں لگے جنگلے جگہ جگہ سے توڑ کر کراسنگ پوائنٹس بنا لیے گئے جہاں سے موٹر سائیکل سوار روڈ کے آر پار جانے لگے جو کہ کسی بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے جنگلے ٹوٹ جانے کے بعد بھی این ایچ اے اور (بقیہ نمبر 23)

فرح گوگی کیخلاف اربوں کی کرپشن اور منی لانڈرنگ کا مقدمہ درج

لاہور (خصوصی رپورٹر) ایف آئی اے لاہور نے فرح گوگی کے خلاف منی لانڈرنگ کا مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کردیا، پنجاب اینٹی کرپشن لاہور کی طرف سے فرح گوگی کے خلاف اربوں روپے کی کرپشن کے خلاف بھیجی گئی درخواست پر منی لانڈرنگ کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ فرح گوگی گزشتہ دور حکومت میں آر پی اوز، کمشنرز، ڈی پی اوز اور (بقیہ نمبر 26)

گوجر خان: جی ٹی روڈ گوجر خان پر ریڑھی بانوں کا قبضہ اداروں کی ملی بھگت یا بے بسی

کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کا علی الصبح سرپرائز وزٹ

شہر کی صفائی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، شہر کو زیرو ویسٹ بنانا میری اولین ترجیح ہے

ڈیوٹی اوقات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، کمشنر راولپنڈی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کا علی الصبح سرپرائز وزٹ، شہر کی صفائی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، شہر کو زیرو ویسٹ بنانا میری اولین ترجیح ہے، ورکرز کا کام مزید بہتر کرنے اور مانیٹرنگ کا نظام سخت کریں، ڈیوٹی اوقات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہر کے مختلف علاقوں کے موقع پر دورے پر راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سی ای او احمد نواز گوندل کے ہمراہ راولپنڈی شہر اور لینڈ فل سائیڈ کا دورہ کیا، اس موقع پر سی ای او راولپنڈی و (بقیہ نمبر 25)

بزرگ خاتون کے کانوں سے بالیاں نوچنے والا ملزم گرفتار

ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کی جاری ہے، صادق آباد پولیس

سفاک ملزم نے ماں جیسی بزرگ خاتون کے کانوں سے بالیاں نوچ کر انسانیت کو شرمندہ کیا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) صادق آباد پولیس کی کاروائی، بزرگ خاتون کے کانوں سے بالیاں نوچنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے بزرگ خاتون کے کانوں سے بالیاں نوچنے والے ملزم امین الحق کو گرفتار کرلیا گیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کی جاری ہے، ملزم سے مزید اہم انکشافات متوقع ہیں، ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ خواتین پر تشدد، ہراسگی یا ان کا استحصال کسی صورت برداشت نہیں، سفاک (بقیہ نمبر 54)

الیکشن کی تیاری کریں، عوام سے رابطے بڑھائیں، حقیقت بتائیں

عوام کو مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی تباہی لانے والے کرداروں کے نام بتائیں

ساہیوال (خصوصی رپورٹر) چیف آرگنائزر مریم نواز کی زیر صدارت ساہیوال کی مرکزی تنظیم کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے اور کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مختلف (بقیہ نمبر 24)

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

تھرکول ذخائر کے موثر استعمال کا فیصلہ

تھرکول اینڈ انرجی بورڈ سندھ کے ایک مشاورتی اجلاس میں تھرکول کے وسیع ذخائر کا بجلی کی پیداوار کے علاوہ ٹیکسٹائل، سیمنٹ، سٹیل اور ایلومینیم سمیت دیگر صنعتوں میں کوئلے کے موثر استعمال پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ خبروں کے مطابق اجلاس میں صنعت وتجارت کے اہم نمائندوں نے شرکت کی اور قابل عمل تجاویز بھی دیں۔ وزیر توانائی سندھ نے اجلاس کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اکیلا سندھ پورے پاکستان کی توانائی کی تمام ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، مستقبل میں کوئلے سے گیس اور تیل پیدا کرنے کے منصوبوں پر کام کیا جائے گا جیسا کہ چین اور جنوبی افریقہ میں کامیابی سے کیا جارہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کی نوجوان نسل کو ٹیکنالوجی سے زیادہ سے زیادہ لیس کیا جائے کہ ترقی یافتہ ممالک ٹیکنالوجی کی بدولت ہی اپنے وسائل سے بہت زیادہ استفادہ کررہے ہیں۔ ملک کے مضبوط معاشی مستقبل کے لیے حکومت کے ساتھ ساتھ اعلیٰ تعلیمی اداروں کو بھی اس سلسلے میں موثر حکمت عملی بنانی چاہئے۔ تھرکول اینڈ انرجی بورڈ سندھ کے ایک مشاورتی اجلاس میں تھرکول کے وسیع ذخائر کا بجلی کی پیداوار کے علاوہ ٹیکسٹائل، سیمنٹ، سٹیل اور ایلومینیم سمیت دیگر صنعتوں میں کوئلے کے موثر استعمال پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ خبروں کے مطابق اجلاس میں صنعت وتجارت کے اہم نمائندوں نے شرکت کی اور قابل عمل تجاویز بھی دیں۔ وزیر توانائی سندھ نے اجلاس کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اکیلا سندھ پورے پاکستان کی توانائی کی تمام ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، مستقبل میں کوئلے سے گیس اور تیل پیدا کرنے کے منصوبوں پر کام کیا جائے گا جیسا کہ چین اور جنوبی افریقہ میں کامیابی سے کیا جارہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کی نوجوان نسل کو ٹیکنالوجی سے زیادہ سے زیادہ لیس کیا جائے کہ ترقی یافتہ ممالک ٹیکنالوجی کی بدولت ہی اپنے وسائل سے بہت زیادہ استفادہ کررہے ہیں۔ ملک کے مضبوط معاشی مستقبل کے لیے حکومت کے ساتھ ساتھ اعلیٰ تعلیمی اداروں کو بھی اس سلسلے میں موثر حکمت عملی بنانی چاہئے۔ تھرکول اینڈ انرجی بورڈ سندھ کے ایک مشاورتی اجلاس میں تھرکول کے وسیع ذخائر کا بجلی کی پیداوار کے علاوہ ٹیکسٹائل، سیمنٹ، سٹیل اور ایلومینیم سمیت دیگر صنعتوں میں کوئلے کے موثر استعمال پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ خبروں کے مطابق اجلاس میں صنعت وتجارت کے اہم نمائندوں نے شرکت کی اور قابل عمل تجاویز بھی دیں۔ وزیر توانائی سندھ نے اجلاس کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اکیلا سندھ پورے پاکستان کی توانائی کی تمام ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، مستقبل میں کوئلے سے گیس اور تیل پیدا کرنے کے منصوبوں پر کام کیا جائے گا جیسا کہ چین اور جنوبی افریقہ میں کامیابی سے کیا جارہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کی نوجوان نسل کو ٹیکنالوجی سے زیادہ سے زیادہ لیس کیا جائے کہ ترقی یافتہ ممالک ٹیکنالوجی کی بدولت ہی اپنے وسائل سے بہت زیادہ استفادہ کررہے ہیں۔ ملک کے مضبوط معاشی مستقبل کے لیے حکومت کے ساتھ ساتھ اعلیٰ تعلیمی اداروں کو بھی اس سلسلے میں موثر حکمت عملی بنانی چاہئے۔ تھرکول اینڈ انرجی بورڈ سندھ کے ایک مشاورتی اجلاس میں تھرکول کے وسیع ذخائر کا بجلی کی پیداوار کے علاوہ ٹیکسٹائل، سیمنٹ، سٹیل اور ایلومینیم سمیت دیگر صنعتوں میں کوئلے کے موثر استعمال پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ خبروں کے مطابق اجلاس میں صنعت وتجارت کے اہم نمائندوں نے شرکت کی اور قابل عمل تجاویز بھی دیں۔ وزیر توانائی سندھ نے اجلاس کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اکیلا سندھ پورے پاکستان کی توانائی کی تمام ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، مستقبل میں کوئلے سے گیس اور تیل پیدا کرنے کے منصوبوں پر کام کیا جائے گا جیسا کہ چین اور جنوبی افریقہ میں کامیابی سے کیا جارہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کی نوجوان نسل کو ٹیکنالوجی سے زیادہ سے زیادہ لیس کیا جائے کہ ترقی یافتہ ممالک ٹیکنالوجی کی بدولت ہی اپنے وسائل سے بہت زیادہ استفادہ کررہے ہیں۔ ملک کے مضبوط معاشی مستقبل کے لیے حکومت کے ساتھ ساتھ اعلیٰ تعلیمی اداروں کو بھی اس سلسلے میں موثر حکمت عملی بنانی چاہئے۔ تھرکول اینڈ انرجی بورڈ سندھ کے ایک مشاورتی اجلاس میں تھرکول کے وسیع ذخائر کا بجلی کی پیداوار کے علاوہ ٹیکسٹائل، سیمنٹ، سٹیل اور ایلومینیم سمیت دیگر صنعتوں میں کوئلے کے موثر استعمال پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ خبروں کے مطابق اجلاس میں صنعت وتجارت کے اہم نمائندوں نے شرکت کی اور قابل عمل تجاویز بھی دیں۔ وزیر توانائی سندھ نے اجلاس کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اکیلا سندھ پورے پاکستان کی توانائی کی تمام ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، مستقبل میں کوئلے سے گیس اور تیل پیدا کرنے کے منصوبوں پر کام کیا جائے گا جیسا کہ چین اور جنوبی افریقہ میں کامیابی سے کیا جارہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کی نوجوان نسل کو ٹیکنالوجی سے زیادہ سے زیادہ لیس کیا جائے۔

میرے پیارے سگریٹ واسیو!

سگریٹ دنیا کی وہ واحد چیز ہے جو مائع نہیں لیکن پھر بھی پی جاتی ہے بلکہ یہ سگریٹ ہی ہے جو گھونٹوں کی بجائے سانسوں میں پیا جاتا ہے۔ حکومت نے سگرٹ پر یوں ٹیکس بڑھایا ہے جیسے ملک کا سارا قرضہ انہی سگریٹ واسیوں نے لیا ہو۔ اب تو سگریٹ کی ڈبیا کی قیمت کم جبکہ ٹیکس زیادہ ہو

کوثر عباس

گیا ہے۔ سگریٹ کی نئی قیمتیں دیکھ کر مجھے ایک روپے اونٹ کے گلے میں سو روپے کی بلی والی جیسی کئی ایک کہاوتیں یاد آ گئیں۔ اگر قیمتیں اسی طرح بڑھتی رہیں تو وہ وقت دور نہیں جب M.B.B.S کا ایس سرجری کے بجائے سگریٹ کے لیے پڑھا پڑھایا جائے گا اور بڑے بڑے ہسپتالوں میں ایک ماہر سگریٹیات بھی بٹھایا جائے گا جو سگریٹ واسیوں کو باقاعدہ چیک کر کے مجوزہ دواں کی طرح سگریٹ کی ڈبیوں پر بھی پینے کے اوقات اور خوراکیں درج کرے گا۔ جب قیمتیں بڑھیں تو ایک پوسٹ نظروں سے گزری جس میں کسی پھپھے، جلے نے سگریٹ کی ڈبیا کو تالا لگایا ہوا تھا۔ پوسٹ دیکھی تو مجھے شرارت سوجھی اور میں نے بھی ایک پوسٹ لکھ کر سوشل میڈیا پر ڈال دی۔ بعد میں وہی پوسٹ قدرے الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ اِدھر اُدھر پھرتی دیکھی تو سوچا کہ اس سے پہلے کہ کوئی بڑا کالم نگار اسے اپنے نام کرلے، مجھے اسے اپنے کالم کا حصہ بنا کر جملہ حقوق اپنے نام کرنا ہوں گے۔ پوسٹ کیا تھی: برائے فروخت کی طرز پر ایک اشتہار تھا جسے یار لوگوں نے خوب مزے مزے سے اپنی اپنی تخلیق قرار دے کر لوگوں سے داد سمیٹی۔ تو آیئے بڑھتے ہیں اس پوسٹ کی جانب:

سگریٹ کی ایک عدد ڈبیا برائے فروخت ہے جس کا نام گولڈلیف ہے۔ ڈبیا ایک بار کھلی ضرور ہے لیکن استعمال بالکل نہیں ہوئی اور کھولنے کی وجہ یہ تھی کہ ایئرپورٹ پر اسے زیر استعمال ظاہر کرتے ہوئے ٹیکس سے بچا جاسکے۔ مزید تسلی کے لیے آپ سموک ٹائمر بھی چیک کرسکتے ہیں۔ برائے اطمینان مزید، دکاندار کی پکی رسید بمع تاریخ ڈبیا کے اندر موجود ہے اس پر مہر بھی لگی ہوئی ہے۔ ڈبیا اندر باہر سے بالکل زیرو کنڈیشن جبکہ اس کے اندر سارے سگریٹ ورکنگ پوزیشن میں ہیں جنہیں سودا ہو جانے کے بعد جلا، سلگا کر یا کش لگا کر چیک کیا جا سکتا ہے۔ ڈبیا اور سگریٹس دونوں کی کنڈیشن ٹین بائی ٹین ہے۔ واٹر پیک اور ہونٹ ٹائم کی مکمل گارنٹی دی جائے گی۔ کسی بھی سگریٹ میں کسی قسم کا کوئی نقص نہیں ہے بس کیش کی ضرورت آن پڑی ہے اس لیے بیچ رہا ہوں۔ خریدنے والے کو ڈبیا کے ساتھ ایک ڈیجیٹل لاک بالکل مفت دیا جائے گا۔ ڈبیا کی قیمت بمع لاک، ایک ہزار روپیا سکہ رائج الوقت ہے۔ یہ قیمت بالکل ڈیڈ فائنل ہے۔ کسی قسم کی بارگیننگ نہیں ہوگی۔ صرف سنجیدہ لوگ رابطہ کریں۔ چسکا پارٹی دور رہے۔ یہ وہ پوسٹ تھی جسے یوں چرایا گیا کہ دامن پہ داغ لگا اور نہ ہی خنجر پر خون۔ سگریٹ واسیوں کا کہنا ہے کہ سگریٹ کا ایک کش انسان کو کشمکش سے یوں آزاد کرتا ہے۔

دہشت گردی اور سدباب کے لیے اہم اقدامات

کہا تو یہی جاتا ہے کہ مومن کسی سوراخ سے ایک ہی مرتبہ ڈسا جاتا ہے لیکن وطن عزیز میں ہمارے سکیورٹی ادارے اور اہلکار ایک بار نہیں بار بار ڈسنے کے باوجود اپنے تحفظ اور وطن عزیز کے دفاع کے لیے کوئی واضح اور کامیاب حکمت عملی اپنانے میں کیوں ناکام دکھائی دیتے ہیں کہ دہشت گرد ایک شہر سے دوسرے شہر، ایک گاں سے دوسرے گاں تک بآسانی سے نقل وحرکت کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں، جب سے امریکہ نے افغانستان میں دہشت گردی کے خلاف نام نہاد جنگ کا آغاز کیا

محمد اسلم لودھی

اور پاکستان سے بندوق کے زور سے لاجسٹک تعاون بھی حاصل کیا، اسی وقت سے پاکستان کے سکیورٹی ادارے اور عوام دہشت گردی کا شکار چلے آ رہے ہیں، ابھی کل کی بات دکھائی دیتی ہے کہ دہشت گرد فوجی وردیوں میں ملبوس باقاعدہ پریڈ کرتے ہوئے جی ایچ کیو میں آسانی سے داخل ہو گئے اور وہاں پر موجود تمام چھوٹے بڑے عملے کو یہ کہہ کر ایک ہال میں جمع کرلیا کہ کسی بھی وقت جی ایچ کیو پر حملہ ہوسکتا ہے اس وقت کے آرمی چیف جنرل اشفاق پرویز کیانی بھی جی ایچ کیو میں موجود تھے۔ ساری دنیا نے دیکھا کہ دہشت گردوں نے کس طرح بری فوج کے مرکز پر کامیابی سے نہ صرف حملہ کیا بلکہ دنیا کو یہ بتانے میں کامیاب رہے کہ ہم جی ایچ کیو پر بھی قبضہ کرسکتے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ کس قدر بہادری اور ذہانت کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاک فوج کے جوانوں نے دہشت گردوں کے سروں کو اڑایا اور ان کے حصار میں قید افسروں اور جوانوں کو آزاد کروایا، کون نہیں جانتا کہ پاک بحریہ کے فضائی اڈے پر، جس کی حفاظت کا کوئی خاطر خواہ انتظام نہیں تھا، اچانک حملہ کرکے وہاں کھڑے ہوئے اورین اواکس طیارے، جس کی مالیت اربوں ڈالر بتائی جاتی تھی، کو آسانی سے تباہ کرکے اپنی کامیاب حکمت عملی کا اظہار کردیا، انہی دہشت گردوں نے 16 دسمبر 2014 کو پشاور میں آرمی پبلک سکول پر یلغار کی اور 100 سے زیادہ بچوں شہید جبکہ 200 کے لگ بھگ بچوں کو زخمی کردیا۔ گزشتہ برس پشاور کے قصہ خوانی بازار میں جمعہ کے روز جامع امامیہ مسجد میں سیاہ کپڑوں میں ملبوس خودکش حملہ آوروں نے خود اڑایا اور ساری امام بارگاہ کے درودیوار شہیدوں کے خون سے رنگین کر دیئے۔ اس سانحے میں 65 افراد شہید اور 200 سے زائد زخمی ہوئے۔ ہم یہ سانحہ بھی بھول گئے اور ایک بار اپنے روزمرہ کاموں میں مصروف ہوگئے۔ ہماری غفلت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے چند ہفتے پہلے پشاور پولیس لائن میں ایک دہشت گرد پولیس کی وردی میں بائیک پر سوار آسانی سے داخل ہوا اور پولیس لائن کی مسجد میں جب نماز جمعہ ادا کی جارہی تھی، خودکش دھماکہ کر کے پوری مسجد کو نمازیوں کے خون سے نہلا دیا۔ ابھی چند دن پہلے کی بات ہے کہ کراچی پولیس ہیڈکوارٹر میں دہشت گرد پولیس کی وردی پہن کر جدید اسلحہ سمیت نہ صرف آسانی سے داخل ہوئے بلکہ انہوں نے جس جس مقام سے حملہ آور ہونا تھا، وہاں پہنچ کر یلغار کردی۔ یہ الگ بات ہے کہ رینجر اور پولیس کے جوانوں کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں پولیس ہیڈکوارٹر کو دہشت گردوں کے چنگل سے آزاد کروالیا گیا لیکن یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ دہشت گرد جن کا نہ کوئی مذہب ہے اور نہ کوئی دین۔ اتنی آسانی سے کیوں اور کیسے اپنے مکروہ عزائم میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ ایسا لگ رہا ہے کہ ہم سانپ نکل جانے کے بعد لکیر پیٹنے کے عادی ہو چکے ہیں۔ 2014 میں جو نیشنل ایکشن پلان بنایا گیا تھا، چاروں صوبوں میں اپیکس کمیٹیوں کا قیام بھی عمل میں آیا تھا ان کمیٹیوں کو پھر سے بحال کرتو دیا گیا لیکن دہشت گردی کے حالیہ حملوں سے نیشنل ایکشن پلان کی کارکردگی پر سوالات اٹھ رہے ہیں، ایسا لگ رہا ہے کہ سکیورٹی اداروں کے باہمی رابطوں اور انٹیلی جنس شیئرنگ میں کہیں نہ کہیں خامی موجود ہے۔ اگر واقعی ایسا ہے تو آئندہ کسی بڑے سانحے سے بچنے کے لیے ہمیں ان خامیوں کو دور کرنا ہوگا۔ یہ بات کسی شک وشبہ سے خالی نہیں رہی کہ ان حالات میں ہر دوسرا شخص مشکوک ہو چکا ہے پھر پولیس کی وردی پہن کر دہشت گرد کس طرح بغیر کسی چیکنگ کے پولیس ہیڈکوارٹر اور پولیس لائن کی مسجد میں پہنچ سکتے ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ اگر کسی خاندان کا کوئی ایک فرد بھی پولیس میں بھرتی ہو جاتا ہے تو پھر خاندان کی گاڑیوں اور موٹرسائیکلوں کی نمبر پلیٹیں پولیس کلر میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔ ایسی موٹرسائیکلوں کو ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں رجسٹرڈ کروانے کی زحمت بھی گوارا نہیں کی جاتی اور نہ ہی ایسی موٹر سائیکلوں کو چیک کیا جاتا ہے۔ اس طرح دہشت گرد بھی پولیس کلر کی نمبر پلیٹ لگا کر ایک شہر سے دوسرے شہر آسانی سے منتقل ہو جاتے ہیں۔ ہماری پولیس کے اہلکار جہاں جہاں بھی تعینات ہوتے ہیں، بندوق ان کی کہیں ہوتی ہے اور وہ خود موبائل میں چیٹنگ میں مصروف ہوتے ہیں۔ ان حالات میں اخبارات میں یہ پڑھ کے ہنسی نکلتی ہے کہ سکیورٹی کو ہائی الرٹ کردیا گیا ہے۔ کہنے کا مقصد یہ ہے دوران ڈیوٹی موبائل رکھنے کی اجازت ہی کیوں دی جاتی ہے۔ پولیس سمیت تمام سکیورٹی اداروں کے اہلکاروں کو دوران ڈیوٹی موبائل رکھنے پر پابندی لگانا بے حد ضروری ہے۔ مزید برآں پولیس سمیت تمام سرکاری اداروں میں داخل ہونے والوں کی تلاشی اور شناخت کو یقینی کیوں نہیں بنایا جاتا۔ جدید ترین اسلحے کی فراہمی، رات کے اندھیرے میں دیکھنے والی گوگل، اہم مقامات پر نصب سکیورٹی کیمروں کو صحیح حالت میں کیوں نہیں رکھا جاتا۔ اگر دہشت گرد بہترین حکمت عملی اور جدید اسلحے کی بناپر ہر جگہ کامیاب ہو رہے ہیں تو سکیورٹی اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے سے لیت ولعل سے کام کیوں لیا جارہا ہے۔ جدید اسلحے کی بناپر ہر جگہ کامیاب ہو رہے ہیں تو سکیورٹی اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے سے لیت ولعل سے کام کیوں لیا جارہا ہے۔

پولیس، جیل خانہ جات، ایف آئی اے اور اینٹی کرپشن کہاں کھڑے ہیں؟

محکمہ پولیس میں سیاست یا پسند ناپسند اتنی سرائیت کر چکی ہے کہ محسوس ایسے ہورہا ہے جیسے مستقبل قریب میں یہ محکمہ بھی پٹوار خانہ میں تبدیل ہوجائے گا۔ نگران حکومت نے سی ایس پی افسران سمیت کچھ ایسے تبادلے بھی کیے ہیں کہ اگر ان کی تعیناتی قبل ازیں افسران سے ان کی شہرت کے بارے میں معلوم کرلی جاتی تو یقیناً انہیں تعیناتی دینے کی بجائے انہیں صوبہ بدر یا جیل بھجوانے کا فیصلہ سامنے آتا آپ سوچ رہے ہونگے اور جاننا بھی چاہتے ہونگے کہ یہ کون سے آفیسرز ہیں، یہ کوئی

یونس باٹھ

ڈھکے چھپے آفیسرز نہیں، دیگر، بہت سارے افسروں کی طرح کمانڈر کو بھی ان کے بارے میں اچھی طرح معلوم ہے کہ یہ کون ہیں؟ تاہم دو چار کی طرف میں اشارہ کردیتا ہوں باقی آپ بھی اپنے ذہن پر زور دیں تو بہت سارے نام آپ کے سامنے بھی آجائیں گے، لاہور میں ایس ایس پی عہدے کے ایک آفیسرز نے اس سے قبل بھی اسی جگہ تعیناتی کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگایا تھا لیکن تعیناتی کے حامل افسروں نے انہیں یہاں تو کیا صوبہ بھر میں کسی بھی جگہ تعینات کرنے سے سفارشیوں سے معذرت کرلی تھی یہ آفیسر کچھ عرصہ قبل ایک کمانڈر سے زبردستی لاہور میں تعیناتی لینے میں کامیاب ہوگیا اس کی تعیناتی کے بعد کمانڈر نے پنجاب میں خود کام کرنے سے معذرت کرلی تھی، ایک آفیسر کو حال ہی میں راولپنڈی ریجن میں ایک اہم سیٹ پر تعینات کیا گیا ہے اس سے قبل ڈی پی او شپ کے دوران اگر اس آفیسر کے آر پی او صاحبان سے اس کے بارے میں رائے لے لی جائے تو میرے خیال میں ادارے کو مزید بدنامی سے بچانے کے ساتھ کمانڈر کو اس سے کام لینے میں کافی آسانی رہے گی، حال ہی میں ایک ڈی پی او کو دوران حراست مبینہ ملزم کی شہریوں کے ہاتھوں ہلاکت کی وجہ سے تبدیل کر کے وہاں نیا ڈی پی او تعینات کیا گیا ہے اس سے بہتر تھا کہ تبدیل ہونے والے کو ہی رہنے دیا جاتا کیونکہ وہ ہر لحاظ سے ہزاروں درجے اس سے بہتر تھا۔ بڑی مشکل سے پنجاب پولیس نے ایک انتہائی باثر پولیس آفیسر سے لاہور سے چھٹکارا حاصل کیا خیال تھا کہ نگران حکومت میں اسے جگہ نہیں ملے گی تاہم نگران حکومت نے اسے پہلے سے بھی زیادہ پرکشش سیٹ دے کر نگران سیٹ اپ پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ سبھی افسران اچھی شہرت کے حامل نہیں ہیں۔ بڑے مایہ ناز، دبنگ قیادت اور اچھی شہرت کے حامل افسران جنہیں پی ٹی آئی کے دور میں انتقاماً نظر انداز کیا گیا انہیں بھی میدان میں اتارا گیا ہے۔ جن میں آر پی او گوجرانوالہ ڈاکٹر حیدر اشرف، سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم، آر پی او ڈیرہ غازی خان سجاد منج، آر پی او شیخوپورہ بابر سرفراز الپہ اور آر پی او سرگودھا شارق کمال صدیقی جیسے افسران شامل ہیں ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ نگران سیٹ اپ کے دوران سفارش کو خاطر میں نہ لایا جاتا صاف ستھری ٹیم تشکیل دی جاتی تاکہ نگران سیٹ اپ پر پی ڈی ایم کی بی ٹیم کا الزام نہ لگ پاتا، پنجاب بالخصوص لاہور پولیس میں سابق سی سی پی او غلام محمود ڈوگر کی تعیناتی کے حوالے سے بڑی چہ موگوئیاں جاری ہیں۔ حکومت اگر کوئی درمیانی راستہ نکالنے میں کامیاب نہ ہوئی تو پھر پنجاب بھر میں جتنے تبادلے ہوئے ہیں ان پر بھی سوالیہ نشان لگ سکتا ہے کیونکہ سپریم کورٹ نے پہلے ہی اس پر پانچ رکنی کمیٹی قائم کردی ہے۔ اس بات سے بھی کوئی خاص فرق نہیں پڑتا کہ سی سی پی او لاہور کون ہوگا کیونکہ لاہور پولیس پورے پاکستان میں نااہلی اور ناانصافی میں اپنا ثانی کوئی نہیں رکھتی۔ کبھی کبھی گمان ہوتا ہے کہ ڈی آئی جی آپریشن لاہور اور ڈی آئی جی انویسٹی گیشن صرف الزامات اور شکایتوں کیلئے ہی ہوتے ہیں۔ لاہور پولیس میں میرٹ اور غیر ملکی اشتہارات میں کپڑے صرف برائے نام ہوتے ہیں۔ آپ اگر فرشتوں کو بھی سی سی پی او لاہور اور ڈی آئی جی آپریشن اور ڈی آئی جی انویسٹی گیشن تعینات کردیں تو وہ بھی لاہور پولیس سے معافی مانگ لیں گے۔ پولیس میں احتساب کا عمل برائے نام ہے۔ اگر احتساب کے عمل کو بہتر بنا لیا جائے تو لاہور پولیس کو بہتر کیا جاسکتا ہے۔ سابق وزیراعظم عمران خان نے جب سابق آئی جی پنجاب عارف نواز کو تعینات کرنے سے پہلے پوچھا کہ آپ پولیس کو کیسے بہتر کرسکتے ہیں تو انکا جواب تھا کہ پولیس کے احتسابی عمل کو ٹھیک کیا جائے، سزا کے خلاف اپیلوں کے حق کو محدود کیا جائے اور جس کا جرم ثابت ہوجائے اس کو کسی صورت معافی نہ دی جائے۔ اگر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس کو بہتر کرنا چاہتے ہیں تو انکو احتسابی عمل کو بہتر بنانے کی اشد ضرورت ہے۔ ایڈیشنل آئی جی آئی اے بی کو مکمل اختیارات ہونے چاہئیں کہ وہ ڈی آئی جی لیول کے پی ایس پی افسران کی انکوائریز بھی کر سکیں۔ یہاں پی ایس پی افسران کے گند کی وجہ سے رینکرز نے بھی کام چھوڑ دیا ہے کیونکہ ان کو اس بات کا علم ہو چکا ہے کہ جب کوئی انکا کچھ نہیں بگاڑ سکتا تو ہمیں بھی کچھ نہیں ہوگا۔ لاہور میں بھی رینکرز سمیت پی ایس پی ایس پیز نے لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ خبر ہے کہ سوشل میڈیا پر لوگوں کے بڑھتے ہوئے رجحان کے پیش نظر سائبر کرائم کی ذمہ داریوں میں بھی اضافہ ہوگیا ہے مگر انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ لاہور میں موجود سائبر کرائم آفس کی کارکردگی کو صرف اس لیے بہتر نہیں بنایا جاسکتا کیونکہ سٹاف) عملے (کو گزشتہ سات ماہ سے تنخواہ نہیں دی جارہی، یہ ہی نہیں جس عمارت میں یہ دفتر قائم ہے اس بلڈنگ کا سات ماہ سے کرایہ بھی ادا نہیں کیا گیا، وہاں ڈی آئی جی عہدے کے آفیسر کی سرکاری گاڑی سے گریڈ 17 کے اے سی کی گاڑی زیادہ اچھی ہے۔ خبر ہے کہ اینٹی کرپشن کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے نگران حکومت نے ڈی جی سہیل ظفر چٹھہ کے بعد ایک اور پولیس آفیسر عمران احمد ملک کی خدمات بھی انہیں سونپ دی ہیں۔ عمران احمد ملک اچھی شہرت کے حامل اور انہیں پنجاب پولیس میں کام کرنے کا خاصہ تجربہ حاصل ہے۔ خبر ہے کہ محکمہ جیل خانہ جات پنجاب عمران خان کی جانب سے جیل بھرو تحریک کے بعد گزشتہ ہفتے خا صادبا میں رہا آئی جی جیل ملک مبشر احمد خان کی جانب سے پنجاب بھر کے تمام سپرنٹنڈنٹس صاحبان اور دیگر عملے کو یہ ہدایت کی گئی کہ جیل میں آنے والے تحریک انصاف کے رہنماں اور کارکنوں سے ہوم ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے فراہم کیے جانے والے ایس او پی کے مطابق سلوک کیا جائے۔ ٹریننگ کالج ساہیوال میں محکمہ جیل کے افسران وملازمین کی ٹریننگ اور ریفریشر کورسز کا عمل شروع کروانے پر آئی جی جیل کی یہ خدمات دیگر منصوبوں کی طرح انتہائی قابل تحسین ہیں تاہم محکمہ جیل خانہ جات میں افسران کو نوازنے کا سلسلہ تاحال ختم نہیں ہوسکا جونیئر افسران کو سنٹرل اور سنیئر افسران کو ڈسٹرکٹ جیلوں پر تعینات کرکے محکمے کا مذاق اڑایا جارہا ہے۔ تو وہ بھی لاہور پولیس سے معافی مانگ لیں گے۔ پولیس میں احتساب کا عمل برائے نام ہے۔ اگر احتساب کے عمل کو بہتر بنا لیا جائے تو لاہور پولیس کو بہتر کیا جاسکتا ہے۔ سابق وزیراعظم عمران خان نے جب سابق آئی جی پنجاب عارف نواز کو تعینات کرنے سے پہلے پوچھا کہ آپ پولیس کو کیسے بہتر کرسکتے ہیں تو انکا جواب تھا کہ پولیس کے احتسابی عمل کو ٹھیک کیا جائے، سزا کے خلاف اپیلوں کے حق کو محدود کیا جائے اور جس کا جرم ثابت ہوجائے اس کو کسی صورت معافی نہ دی جائے۔ اگر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس کو بہتر کرنا چاہتے ہیں تو انکو احتسابی عمل کو بہتر بنانے کی اشد ضرورت ہے۔ ایڈیشنل آئی جی آئی اے بی کو مکمل اختیارات ہونے چاہئیں کہ وہ ڈی آئی جی لیول کے پی ایس پی افسران کی انکوائریز بھی کر سکیں۔ یہاں پی ایس پی افسران کے گند کی وجہ سے رینکرز نے بھی کام چھوڑ دیا ہے کیونکہ ان کو اس بات کا علم ہو چکا ہے کہ جب کوئی انکا کچھ نہیں بگاڑ سکتا تو ہمیں بھی کچھ نہیں ہوگا۔ لاہور میں بھی رینکرز سمیت پی ایس پی ایس پیز نے لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ خبر ہے کہ سوشل میڈیا پر لوگوں کے بڑھتے ہوئے رجحان کے پیش نظر سائبر کرائم کی ذمہ داریوں میں بھی اضافہ ہوگیا ہے مگر انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ لاہور میں موجود سائبر کرائم آفس کی کارکردگی کو صرف اس لیے بہتر نہیں بنایا جاسکتا کیونکہ سٹاف) عملے (کو گزشتہ سات ماہ سے تنخواہ نہیں دی جارہی، یہ ہی نہیں جس عمارت میں یہ دفتر قائم ہے اس بلڈنگ کا سات ماہ سے کرایہ بھی ادا نہیں کیا گیا، وہاں ڈی آئی جی عہدے کے آفیسر کی سرکاری گاڑی سے گریڈ 17 کے اے سی کی گاڑی زیادہ اچھی ہے۔ خبر ہے کہ اینٹی کرپشن کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے نگران حکومت نے ڈی جی سہیل ظفر چٹھہ کے بعد ایک اور پولیس آفیسر عمران احمد ملک کی خدمات بھی انہیں سونپ دی ہیں۔ عمران احمد ملک اچھی شہرت کے حامل اور انہیں پنجاب پولیس میں کام کرنے کا خاصہ تجربہ حاصل ہے۔ خبر ہے کہ محکمہ جیل خانہ جات پنجاب عمران خان کی جانب سے جیل بھرو تحریک کے بعد گزشتہ ہفتے خا صادبا میں رہا آئی جی جیل ملک مبشر احمد خان کی جانب سے پنجاب بھر کے تمام سپرنٹنڈنٹس صاحبان اور دیگر عملے کو یہ ہدایت کی گئی۔

شوبز SHOWBIZ

ایشوریا سے مشابہت رکھنے والی پاکستانی لڑکی کے بھارت میں چرچے

جبکہ بھارتی سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے بھی تبصرے کیے جارہے ہیں

لاہور (شوبز نیوز) بالی وڈ کی اداکارہ ایشوریا رائے بچن سے مشابہت رکھنے والی پاکستانی بیوٹی بلاگر آمنہ عمران کی تصاویر وائرل ہوگئیں۔ ایشوریا رائے کا شمار بالی وڈ کی صف اول کی اداکاراں میں ہوتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اداکارہ سنیہا کو بھی ان کی ہم شکل قرار دیا گیا تھا۔ تاہم اب ایک ایسی پاکستانی بیوٹی بلاگر آمنہ عمران کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہیں جس میں وہ بالکل ایشوریا سے مشابہت رکھتی ہیں۔ آمنہ کی تصاویر اور ویڈیوز انسٹاگرام پر تیزی سے وائرل ہورہی ہیں اور اس پر صارفین کی جانب سے ملے جلے ردعمل۔

اچھی پرفارمنس پر ایوارڈ فنکار کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتا ہے: مہوش

غیر ملکی ڈراموں کی بہتات کے باوجود ملکی ڈراموں نے اپنی منفرد شناخت بنا رکھی ہے

کراچی (شوبز نیوز) ٹی وی فنکاروں کی بنائی ہوئی فلموں کی کامیابی نے ملک وبیرون ممالک میں جو نئی شناخت بنائی ہے وہ فلم انڈسٹری کے مستقبل کے لئے خوش آئند ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارتی فلموں میں فی الحال کام کرنے کے بارے میں نہیں سوچا ملکی فلموں میں بھی کم اور معیاری فلموں کو ترجیح دے رہی ہوں۔ فنکار کی شناخت اس کا فن ہوتا ہے، سرحد کی قید میں فن کو محدود نہیں کیا جاسکتا۔ ملکی ڈرامہ انڈسٹری میں ماضی کے مقابلے میں اب بہتری آگئی ہے۔ غیر ملکی ڈراموں کی بہتات کے باوجود ملکی ڈراموں نے اپنی منفرد شناخت بنا رکھی ہے۔

عالیہ بھٹ کی ماں بننے کے بعد سٹیج پر رقص کی پہلی وڈیو وائرل

عالیہ بھٹ کی ماں بننے کے بعد سٹیج پر رقص کی پہلی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی اداکارہ عالیہ بھٹ کی ماں بننے کے بعد سٹیج پر رقص کی پہلی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ ایک ویڈیو میں عالیہ کو ایوشان کھرانا اور اپارشکتی کھرانا کے ساتھ آر آر آر کے گانے ناچو ناچو پر رقص کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ بھارت کے لیجنڈری فلمساز راج مولی کی بلاک بسٹر آر آر آر میں عالیہ بھٹ نے بھی ایک اہم کردار ادا کیا تھا۔ ویڈیو دیکھنے کے بعد عالیہ بھٹ کے مداح اداکارہ کی خود اعتمادی اور توانائی کو خراج تحسین پیش کررہے ہیں۔ ایک صارف نے لکھا کہ عالیہ بھٹ کو دیکھو، صرف چار ماہ قبل اس خاتون نے ایک بچے کو جنم دیا ہے اور اب یہ رقص کررہی ہے، اس کے مقابل کوئی نہیں آسکتا۔ واضح رہے کہ بلاک بسٹر فلم آر آر آر کو رواں برس 95 اکیڈمی ایوارڈز کیلئے بھی نامزد کیا گیا تھا اور اس فلم نے پوری دنیا میں کامیابی کے جھنڈے گاڑے ہیں۔

ڈرامہ سیریل ''چراغ'' کو فلمی انداز میں بنایا گیا ہے

لاہور (شوبز نیوز) ڈرامہ سیریل ''چراغ'' فلمیٹک اسٹائل سے عکسبند کیا گیا ہے اس ڈرامے کی کہانی نہ صرف سبق آموز ہے بلکہ ہمارے اردگرد بسنے والے افراد کے گھریلو مسائل کو اجاگر کرے گی چونکہ ڈرامہ سیریل ''چراغ'' کو فلمی انداز میں بنایا گیا ہے اس لئے ناظرین اسے پسند کریں گے اور دیکھنے والوں کو اس ڈرامے میں بہت کچھ نیا ملے گا ان خیالات کا اظہار معروف فلم ڈائریکٹر محمد ساجد علی ساجد نے ایک انٹرویو کے دوران کیا انہوں نے مزید بتایا کہ ڈرامہ کے پروڈیوسر اور مصنف ذکیر احمد بھٹی ہیں ڈرامہ سیریل ''چراغ'' کے معاون پروڈیوسرز ڈاکٹر بی اے خرم اور آمنہ منظور ہیں۔

کنگنا بالی ووڈ انڈسٹری پر پھٹ پڑیں، بھکاری مافیا قرار دے دیا

وہ شادیوں میں ناچنے اور ہیرو کے کمروں میں جانے کے مطالبے پر صاف انکار کرچکی ہیں

ممبئی (شوبز نیوز) اداکارہ کنگنا رناوت نے بالی وڈ انڈسٹری کو بھکاری مافیا گینگ قرار دیتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ وہ شادیوں میں ناچنے اور ہیرو کے کمروں میں جانے کے مطالبے پر صاف انکار کر چکی ہیں جس پر انہیں پاگل قرار دیتے ہوئے جیل بھیجنے کی کوشش کی گئی۔ ٹوئٹر پر ایک بھارتی صارف کو جواب دیتے ہوئے کنگنا نے بتایا کہ برائے مہربانی نوٹ کریں کہ میری والدہ میری وجہ سے امیر نہیں ہیں کیوں کہ میں ایک سیاستدان، بیوروکریٹ اور کاروباری فیملی سے ہوں، میری والدہ پچھلے 25 سالوں سے ٹیچنگ کررہی ہیں۔

پرسکون ہوں، دوبارہ شادی کا سوچ بھی نہیں سکتا' ریتھک روشن



ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ کے ایکشن ہیرو ریتھک روشن کی چند عرصہ قبل اپنی اہلیہ سوزین خان سے دوسری شادی کی افواہیں سرگرم رہ چکی ہیں تاہم ریتھک دوسری شادی کے حوالے سے صاف انکار کر چکے ہیں۔ ریتھک روشن نے فیشن ڈیزائنر سوزین خان سے 2000 میں پسند کی شادی کی تھی لیکن شادی کے 14 سال بعد دونوں کے درمیان اختلافات کے سبب علیحدگی ہوگئی اور 2014 میں دونوں نے عدالت سے باقاعدہ طلاق لے لی تھی۔ ریتھک روشن اور سوزین خان کے دو بیٹے ہیں جن کی پرورش کے لیے دونوں نے کوئی کسر نہ چھوڑنے کا اعلان کیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ریتھک روشن کا کہنا تھا کہ دوبارہ شادی کا خیال ان کے ذہن میں نہیں آسکتا، وہ اب خود کو پرسکون محسوس کرتے ہیں۔

ہر آنے والا دن میرے لیے ایک نیا چیلنج لے کر آتا ہے، عائشہ عمر

شوبز میں ہی نہیں زندگی کے تمام شعبوں میں ترقی کیلئے محنت لگن سے کام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ و ماڈل عائشہ عمر نے کہا ہے کہ ہر آنے والا دن میرے لیے نئے چیلنج لے کر آتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عائشہ عمر نے کہا کہ اداکاری، ماڈلنگ اور گلوکاری کے شعبے ایک دوسرے سے مختلف ہیں لیکن ان سے وابستہ ہونے کے بعد بہت کچھ سیکھنے کا موقع مل رہا ہے۔ ہر آنے والا دن میرے لیے نئے چیلنج لے کر آتا ہے۔ عائشہ عمر نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ شوبز میں اپنی اداکاری کے انمٹ نقوش چھوڑنا چاہتی ہوں فلم اور ٹی وی کے علاوہ اب تو بطور سنگر میوزک پروگراموں میں پرفارمنس کے دوران بھی بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے۔



SPORTS سپورٹس

بابر نے خود شاہین کا سامنا کیوں نہ کیا، سائمن ڈول نے سوال اٹھادیا

شاہین شاہ آفریدی کے دباؤ کا سامنا کرنے کیلیے محمد حارث کو کیوں بھیجا؟ کمنٹیٹر

لاہور (یواین پی) بابراعظم نے خود شاہین شاہ آفریدی کا سامنا کرنے سے گریز کیوں کیا؟ سائمن ڈول نے سوال اٹھادیا۔ اتوار کے روز کھیلے جانے والے میچ میں لاہور قلندرز کے کپتان نے دوسری ہی گیند پر محمد حارث کو بولڈ کردیا تھا، کمنٹیٹر نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی کے دباؤ کا سامنا کرنے کیلیے محمد حارث کو کیوں بھیجا؟ بابراعظم نے خود یہ چیلنج قبول کیوں نہیں کیا، اس طرح کی باتیں اوپنرز کریز پر آنے سے قبل آپس میں کرتے ہیں۔ یادرہے کہ بعدازاں بابراعظم خود بھی شاہین شاہ آفریدی کا شکار بن گئے تھے۔ بابراعظم نے خود شاہین شاہ آفریدی کا سامنا کرنے سے گریز کیوں کیا؟ سائمن ڈول نے سوال اٹھادیا۔ اتوار کے روز کھیلے جانے والے میچ میں لاہور قلندرز کے کپتان نے دوسری ہی گیند پر محمد حارث کو بولڈ کردیا تھا، کمنٹیٹر نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی کے دباؤ کا سامنا کرنے کیلیے محمد حارث کو کیوں بھیجا؟ بابراعظم نے خود یہ چیلنج قبول کیوں نہیں کیا، اس طرح کی باتیں اوپنرز کریز پر آنے سے قبل آپس میں کرتے ہیں۔ یادرہے کہ بعدازاں بابراعظم خود بھی شاہین شاہ آفریدی کا شکار بن گئے تھے۔ بابراعظم نے خود شاہین شاہ آفریدی کا سامنا کرنے سے گریز کیوں کیا؟ سائمن ڈول نے سوال اٹھادیا۔ اتوار کے روز کھیلے جانے والے میچ میں لاہور قلندرز کے کپتان نے دوسری ہی گیند پر محمد حارث کو بولڈ کردیا تھا، کمنٹیٹر نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی کے دباؤ کا سامنا۔

شعیب اختر کو شاداب خان میں مستقبل کا کپتان نظر آنے لگا

شاداب نے نہ صرف بطور پلیئر بلکہ آن سکرین اپنا امیج بھی خاصا بہتر بنالیا ہے

لاہور (سپورٹس نیوز) سابق فاسٹ بالر شعیب اختر نے قومی ٹیم کی قیادت کے لیے شاداب خان کو موزوں قرار دے دیا۔ نجی ٹی وی چینل پر گفتگو کرتے ہوئے شعیب اختر نے کہا کہ سینئر جارحانہ انداز کے علاوہ عمدگی سے میڈیا کا سامنا کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں، شاداب نے بطور کھلاڑی بھی خود کو خاصا بہتر بنالیا ہے، اسلام آباد یونائیٹڈ کے کپتان میں قائدانہ صلاحیتیں ہیں اور وہ مستقبل میں پاکستان وائٹ بال کرکٹ کی قیادت سنبھال سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شاداب نے نہ صرف بطور پلیئر بلکہ آن سکرین اپنا امیج بھی خاصا بہتر بنالیا ہے، اس میں بہتری کی لگن ہے جو کہ بہت اچھی چیز ہے۔ شعیب اختر نے مزید کہا کہ وہ اپنی غلطیوں کو تسلیم کرکے انہیں درست کرتا ہے، گذشتہ 2 برس انہوں نے اپنی بالنگ اور فٹنس کو خاصا بہتر بنایا ہے،

راشد خان، شاہین آفریدی کی قائدانہ صلاحیتوں کے معترف

ساتھی کھلاڑیوں کو ساتھ لے کر چلتے ہیں، زیادہ جذباتی نہیں ہوتے، اسپنر

لاہور (یواین پی) خصوصی انٹرویو میں راشد خان نے کہا کہ پاکستان آنے پر لاہور قلندرز کی جانب سے دل سے استقبال بہت اچھا لگا، یہاں سے ملنے والے پیار پر میں خود کو بہت خوش قسمت محسوس کرتا ہوں، گزشتہ برس جاتے وقت جس طرح سے محبت ملی تھی اسی طرح اب ثمین رانا و دیگر کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا، میں قلندرز کا حصہ ہونے پر خود کو خوش قسمت تصور کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ شاہین شاہ آفریدی نے بطور کپتان بہترین پرفارم کیا، وہ ٹیم کو یکجا رکھتے اور ساتھی کھلاڑیوں خاص طور پر نوجوانوں کو ساتھ لے کر چلتے ہیں، شاہین زیادہ جذباتی نہیں ہوتے، نوجوان ان سے بات کرنے میں کوئی جھجک محسوس نہیں کرتے، بطور بولر اور کپتان سب کو ان کی بڑی سپورٹ حاصل ہوتی ہے، گزشتہ سال ٹائٹل جیتنے میں ان کا اہم کردار تھا۔

بابر نے ابھی تک خود کو بطور میچ فنشر ثابت نہیں کیا: شاہد آفریدی

لاہور (یواین پی) سابق کپتان شاہد آفریدی نے پشاور زلمی کے کپتان بابراعظم سے متعلق گفتگو میں کہا کہ بابر ایک اچھا پلیئر ہے لیکن بطور میچ فنشر بابر نے اب تک خود کو ثابت نہیں کیا۔ نجی ٹی وی کے شو میں بات کرتے ہوئے شاہد آفریدی نے 26 فروری کو پشاور اور لاہور کے درمیان ہونے والے میچ سے متعلق گفتگو کی۔ سابق کپتان نے بابر کی پرفارمنس پر بات کرتے ہوئے کہ اس میں یہ خاصیت ہے کہ بابر وکٹ پر کھڑے رہ کر دوسرے کھلاڑیوں کو کھلا سکتا ہے کیوں کہ بابر سیٹ ہونے میں کچھ وقت لیتا ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ بابر ورلڈ کا نمبر ون پلیئر ہے، اس ملک کی پہچان ہے لیکن ایک چیز بابر کیڈی ویلیئر اور ویرات کوہلی کے لیول پر آنے میں رکاوٹ بنتی ہے۔

میرا سافٹ ویئر اپ ڈیٹ ہوگیا، محمد حارث کے سوال پر شاہین کو جواب

لاہور (یواین پی) میرا سافٹ ویئر اپ ڈیٹ ہوگیا، محمد حارث نے ایک سوال پر شاہین شاہ کو جواب دے دیا۔ لاہور قلندرز کیخلاف میچ سے قبل ملتان سلطانز کے بیٹر ایک انٹرویو دے رہے تھے کہ شاہین شاہ آفریدی نے پاس سے گزرتے ہوئے انھیں پوچھا کہ آپ نے احسان اللہ کے بارے میں کیا کہا تھا محمد حارث نے فوری جواب دیا کہ میرا سافٹ ویئر اپ ڈیٹ ہوگیا، اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں۔ یادرہے کہ ملتان سلطانز کیخلاف محمد حارث نے 23 گیندوں پر 40 رنز بنائے، اس دوران احسان اللہ کی صرف 2 گیندوں کا سامنا کیا۔ میچ کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے اوپنر نے کہا تھا کہ جس طرح گیند میرے بیٹ پر آرہی تھی، احسان اللہ خوش قسمت ہیں کہ بچ گئے، ان کے ساتھ کھیلتے ہوئے وکٹ کیپنگ کرتا رہا ہوں، اس لیے بہتر اندازہ کرسکتا ہوں کہ اگلی گیند کیسی ہوگی، میری پلاننگ تھی مگر گیندیں ہی 2 کھیلنے کو ملیں۔ میرا سافٹ ویئر اپ ڈیٹ ہوگیا، محمد حارث نے ایک سوال پر شاہین شاہ کو جواب دے دیا۔ لاہور قلندرز کیخلاف میچ سے قبل ملتان سلطانز کے بیٹر ایک انٹرویو دے رہے تھے کہ شاہین شاہ آفریدی نے پاس سے گزرتے ہوئے انھیں پوچھا کہ آپ نے احسان اللہ کے بارے میں کیا کہا تھا، محمد حارث نے فوری جواب دیا کہ میرا سافٹ ویئر اپ ڈیٹ ہوگیا، اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں۔

شاندار بالنگ ! ڈیل سٹین بھی شاہین آفریدی کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکے

شاہین آفریدی اپنی کلائی کے ذریعے بہترین طریقے سے گیند کو سوئنگ کررہے ہیں

لاہور (سپورٹس نیوز) جنوبی افریقہ کے سابق فاسٹ بالر ڈیل سٹین بھی لاہور قلندرز کے کپتان شاہین آفریدی کی سوئنگ گیندوں کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر شاہین آفریدی کی جانب سے پشاور زلمی کے کپتان بابراعظم کی ان سوئنگ ڈیلیوری پر آٹ ہونے کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ موجودہ دور کے فاسٹ بالر کو شاہین سے سیکھنے کی ضرورت ہے کہ وہ کس طرح کلائی کا استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شاہین آفریدی اپنی کلائی کے ذریعے بہترین طریقے سے گیند کو سوئنگ کررہے ہیں۔

لاہور قلندرز کی پنجاب پولیس کے شہداء کے اہل خانہ سے ملاقات

لاہور (یواین پی) لاہور قلندرز نے پنجاب پولیس کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ کو پی ایس ایل 8 کا میچ دیکھنے کی دعوت دی۔ شہداء کے خاندانوں کی قربانیوں اور جدوجہد کو اجاگر کرنے کی کوشش میں لاہور قلندرز نے پنجاب پولیس کے شہداء کے بچوں کے لیے کرکٹ کے ہتوں سے ملنے کا موقع فراہم کیا۔ پی ایس ایل 8 میں اسلام آباد یونائیٹڈ اور لاہور قلندرز کے درمیان میچ کے موقع پر شہداء کے اہل خانہ کو قذافی سٹیڈیم، لاہور میں میچ براہ راست دیکھنے کی دعوت دی گئی۔

عظیم سپر سٹار شاہد آفریدی کی 43 ویں سالگرہ (آج) یکم مارچ کو جوش وخروش سے منائی جائیگی

لاہور (یواین پی) دنیائے کرکٹ کے عظیم سپر سٹار شاہد آفریدی کی 43 ویں سالگرہ (آج) یکم مارچ کو جوش وخروش سے منائی جائے گی اس سلسلے میں ملک بھر میں شاہد آفریدی کے مداح اور کرکٹ شائقین سالگرہ کی رنگارنگ تقریبات کا اہتمام کریں گے جس میں کیک کاٹے جائیں گے اور ان کی شاندار کارکردگی کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔ شاہد آفریدی یکم مارچ 1980ء کو خیبر پختونخوا کے شہر کوہاٹ میں پیدا ہوئے۔

نیوزی لینڈ نے انگلینڈ کو تاریخی شکست دیدی

آکلینڈ (سپورٹس نیوز) نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم نے دوسرے ٹیسٹ میچ میں سنسنی خیز مقابلے کے بعد انگلینڈ کو ایک رن سے تاریخی شکست دے دی۔ میزبان نیوزی لینڈ نے فالوآن ہونے کے بعد ٹیسٹ میچ جیت لیا، دوٹیسٹ میچز کی سیریز ایک ایک سے برابر ہوگئی۔ نیوزی لینڈ کے کین ولیمسن پلیئر آف دی میچ اور انگلینڈ کے ہیری بروک پلیئر آف دی سیریز قرار پائے۔ نیوزی لینڈ نے انگلینڈ کو دوسرا ٹیسٹ جیتنے کے لیے 258 رنز کا ہدف دیا تھا، مہمان ٹیم دوسری اننگز میں 256 رنز بنا کر آٹ ہوگئی۔ انگلینڈ کی جانب سے جوروٹ نے 95 رنز بنائے، بین فوکس 35 اور بین اسٹوکس 33 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ نیوزی لینڈ کی طرف سے نیل ویگنر نے 4 اور ٹم ساؤتھی نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ انگلینڈ نے پہلی اننگز 435 رنز 8 کھلاڑی آؤٹ پر ڈکلیئر کی تھی۔ نیوزی لینڈ نے پہلی اننگز میں 209 اور فالوآن کے بعد دوسری اننگز میں 483 رنز بنائے۔ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں 1 رن سے میچ جیتنے کا دوسرا واقعہ ہے۔ اس سے قبل جنوری 1993ء میں ویسٹ انڈیز نے آسٹریلیا کو ایک رن سے ہرایا تھا۔ نیوزی لینڈ فالوآن کے بعد ٹیسٹ جیتنے والی تیسری ٹیم ہے۔

بقیہ 1

سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مبینہ آڈیو میں میراذکر کہیں نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ مبینہ آڈیو کی فرانزک سے قبل وزیراعظم کی آڈیوکال کی فرانزک ہونی چاہیے۔پی ٹی آئی رہنما کا کہنا ہے کہ کسی نے بھی کرپشن کی ہے اس کا احتساب ہونا چاہیے۔عثمان ڈار کا کہنا ہے کہ عمران خان نے 26 سال اس فرسودہ نظام کے سامنے جہاد کیا ہے، میرے خلاف انتقامی کارروائی کی جارہی ہے۔

بقیہ 2

روز پاکستان اورآئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات نہیں ہوئے اور اب یہ مذاکرات 2 مارچ کو دوبارہ شروع ہونے کا امکان ہے، جوبجلی بلوں کی رکی ہوئی وصولیاں شروع کرنے کے بعد ہوں گے،اس کے علاوہ بھی قرضہ پروگرام کی بحالی کے لیے آئی ایم ایف کی کئی شرائط پرعمل درآمد کرنا ہوگا، جن میں حکومت کو سیلز ٹیکس میں اضافے کا نوٹی فکیشن اور مانیٹری پالیسی میں اضافے کا بھی اعلان کرنا ہوگا۔ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ پاکستان اورآئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ 9 فروری کو ہونا تھا جواب مارچ میں ہونے کا امکان ہے، مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 16 کی بجائے 2 مارچ کو ہونے کا امکان ہے،جس میں مانیٹری پالیسی کمیٹی شرح سود میں اضافے کا جائزہ لے گی اور کمیٹی کے فیصلے سے آئی ایم ایف کو آگاہ کیا جائے گا۔علاوہ ازیں آئی ایم ایف کی جانب سے ملک میں سگریٹس کی غیر قانونی خریدو فروخت سے 80 ارب کی ٹیکس چوری پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا ہے، جس پر وزیراعظم شہباز شریف نے غیر قانونی سگریٹس کی فیکٹریوں کے خلاف کارروائی کی ہدایت کردی۔اس حوالے سے وزارت خزانہ اور ایف بی آر نے غیر قانونی سگریٹس کی خریدوفروخت پر وزیراعظم کو بریفنگ دی اور کہا کہ دو درجن سے زائد سگریٹس مینوفیکچرنگ کمپنیاں تاحال ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم میں شامل نہیں ہیں۔جس پر وزیراعظم کی جانب سے ایف بی آر کو تمام سگریٹس فیکٹریوں پر ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم جلد لگانے کی ہدایت کی گئی ہے اور آئی ایم ایف کو سگریٹ کمپنیوں کوٹریک اینڈ ٹریس سسٹم سے جلد منسلک کرنے کی یقین دہانی کروادی گئی، جس کے تحت ایف بی آر ان لینڈ ریونیو انٹیلیجنس ٹیمیں غیر قانونی سگریٹس فیکٹریوں پر چھاپے ماریں گی، غیر قانونی سگریٹس کے خلاف کارروائی کی رپورٹ آئی ایم ایف کو بھی بھیجی جائے گی، ایف بی آر غیر قانونی سگریٹس کے خلاف کارروائی کی ماہانہ رپورٹ وزیراعظم کو جمع کرائے گا

بقیہ 3

انتظامیہ کی چشم پوشی کے باعث شہر کی تمام سڑکوں اور فٹ پاتھوں پرتجاوزات مافیانے پنجے گاڑھ رکھے ہیں۔اس لا قانونیت پر چشم پوشی کی مد میں ضلعی انتظامیہ کے اہلکاران اپنا حصہ وصول کرتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ضلعی انتظامیہ کبھی کبھار افسران بالا کو سب اچھے کی رپورٹ کرنے کے لیے چکر لگاتے ہیں جبکہ دوسری جانب آپریشن سے قبل ہی تجاوزات مافیا کو رپورٹ کر دیتے ہیں۔تمام انتظامیہ آج بھی اس بات سے لاعلم ہے کہ شہر بھر میں شہریوں کی آمدورفت کیلئے جوفٹ پاتھ بنائے گئے ہیں وہ کہاں غائب ہوگئے۔ضلعی انتظامیہ کی غفلت اور شعبہ تجاوزات کے کرپٹ اہلکاروں کی تجاوزات مافیا سے ملی بھگت کے باعث پیدل چلنے والے شہری اورٹریفک کا ادھام ایک ساتھ سڑک پرر واں دواں ہیں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ گرجاروڈ ودیگر شہر بھرسے تجاوزات مافیا کے خاتمہ کیلئے ڈنگ ٹپاؤ پالیسی پرعمل کرانے کی بجائے جرات مندانہ اقدامات اٹھائے جائیں۔شہر کی تمام شاہراں کی عام شہریوں کیلئے بنائی گئیں فٹ پاتھ واگزار کروائی جائیں۔

بقیہ 4

جائے گی،الیکٹرک بائیکس کی تیاری کے حوالے سے بھی پالیسی حتمی مراحل میں ہے، ای بائیکس پر تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت مکمل کرلی گئی ہے۔بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ گیزرز میں کونیکل بفلز کی تنصیب کا منصوبہ مقررہ ہدف سے ایک ماہ پہلے ہی مکمل کرلیا گیا،اس موقع پر بجلی کی زیادہ کھپت والے پنکھوں اور بلبوں کے حوالے سے بتایا گیا کہ کارخانوں میں ان کی تیاری رواں سال 30 جون کے بعد مکمل طور پر بند کردی جائے گی، کابینہ کے 3 جنوری 2023 کے بجلی بچت پلان پر عملدرآمد سے بھی آگاہ کیا گیا۔اجلاس میں وزیراعظم شہبازشریف نے تمام صوبوں کو ان اقدامات پرسختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ رواں سال موسم گرما میں کم سے کم لوڈشیڈنگ کی جائے،رمضان المبارک کے دوران سحرا ور افطار میں کوئی لوڈشیڈنگ بھی نہ کی جائے، سرکاری عمارتوں کی سولرائزیشن کی رفتار کو تیز کیا جائے۔وزیر اعظم شہباز شریف نے تھر ٹھیاری 500KV ٹرانسمیشن لائن بچھانے میں تعطل پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تھر ٹھیاری ٹرانسمیشن لائن کو معینہ مدت میں کیوں مکمل نہ کیا گیا، منصوبے میں غفلت کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی یقینی بنائی جائے،این ٹی ڈی سی بورڈ کی ازسرنوتشکیل کی جائے۔

بقیہ 5

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت اسلام آباد کے ایڈیشنل سیشن جج ظفر اقبال نے توشہ خانہ ریفرنس کیس میں سربراہ تحریک انصاف عمران خان کے نام قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے کیس کی سماعت 7 مارچ تک ملتوی کردی۔عدالت نے کہا کہ عمران خان کو بار بار موقع دیا وہ پیش نہیں ہوئے، پیش نہ ہونے پر عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہیں۔

بقیہ 6

لیے ملتوی کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔کیس کی سماعت پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس روح الامین اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل دو رکنی بنچ نے کی۔رٹ پٹیشن نوشہرہ سے تحصیل میئر اسحاق خٹک مردان سے حمایت اللہ مایار سمیت دیگر بلدیاتی نمائندوں نے دائر کی ہے۔دو رکنی بنچ نے کیس کی سماعت شروع کی تو درخواست گزار حمایت االلہ مایار کی جانب سے بابر خان یوسفزئی ایڈووکیٹ جبکہ اسحاق خٹک اور دیگر کی جانب سے نعمان کا کاخیل اور ملک شہباز ایڈوکیٹس عدالت میں پیش ہوئے۔انہوں نے عدالت کو بتایا کہ الیکشن کمیشن نے بلدیاتی نمائندوں کومعطل کیا ہے، جوکہ غیر آئینی اقدام ہے بلدیاتی حکومت کا کردار جمہوریت میں بہت نمایاں ہے صوبائی جنرل الیکشن پر اثر انداز ہونے کی بنیاد پر بلدیاتی نمائندوں کو معطل کیا گیا اگر ایسا ہے تو وفاقی حکومت کو بھی ختم کریں کیونکہ وفاق بھی ضمنی الیکشن اور صوبائی جنرل الیکشن میں سرکاری وسائل استعمال کرے گی۔انہوں نے عدالت کو بتایا کہ بلدیاتی نظام کے بغیر کسی ملک میں سیاسی نظام مکمل نہیں، لوکل گورنمنٹ کا بجٹ تیار کیا گیا ہے جس کے لیے منصوبہ بندی بھی مکمل ہے۔اس کے ساتھ ساتھ اگلے سال کی منصوبہ بندی کا عمل بھی جاری ہے، اس مرحلے پر بلدیاتی نظام کو معطل کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔درخواست گزار کے وکیل کے مطابق لوکل باڈیز آئین کے آرٹیکل 140 (اے) کے تحت عمل میں لائی گئی ہے اوراسی صورت میں اس کی معطلی آئین کی ایک شق کی معطلی ہے جس کا اختیار کسی بھی صورت الیکشن کمیشن کے پاس نہیں چونکہ وہ شفاف الیکشن کا بہانہ بنا کر ایسا کرنا چاہتی ہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ پوری حکومتیں بھی معطل کی جائیں۔درخواست گزار کے مطابق شفاف الیکشن کی ذمہ داری الیکشن کمیشن کی ہے اور یہ شفاف طریقے سے الیکشن کا انعقاد کریں گے، اگر وہ ایسا نہیں کرتے تو الیکشن کمیشن اپنی ذمہ دار پوری نہیں کرتی اوراس کے لیے مقامی حکومتوں کو معطل کرنا کسی بھی صورت درست نہیں۔اس کے ساتھ ساتھ لوکل گورنمنٹ کے تحت وہ پالیسیاں بنائی جاتی ہے جس کا براہ راست اثر مقامی افراد پر ہوتا ہے جس میں اسکول، تعلیم،صحت اور دیگر شعبے شامل ہیں۔انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ جو اعلامیہ الیکشن کمیشن نے جاری کیا ہے اس کو کالعدم قرار دیا جائے۔عدالت نے دلائل سننے کے بعد الیکشن کمیشن آف پاکستان کے اعلامیہ کو معطل کرتے ہوئے الیکشن کمیشن آف پاکستان، اٹارنی جنرل اور ایڈوکیٹ جنرل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی سماعت 2 مارچ کے لیے ملتوی کر دی۔اس سلسلے میں درخواست گزار کے وکیل بابر یوسفزئی نے میڈیا کو بتایا کہ الیکشن کمیشن کے اعلامیہ معطل ہونے کے بعد صوبے کے تمام بلدیاتی نمائندے بحال ہوگئے ہیں کیونکہ جب الیکشن کمیشن کا اعلامیہ معطل ہوجائے تو بلدیاتی نمائندے خود بخود بحال ہوجاتے ہیں

بقیہ 7

مسائل کے علاج اور روک تھام کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا گیا۔اجلاس کے دوران صدر عارف علوی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی اتنی بڑی آبادی کے نفسیاتی صحت کے مسائل سے نمٹنے کیلئے صرف 5 سے 6 سو ماہرین نفسیات ہے۔صدر مملکت نے مینٹل ہیلتھ پروفیشنلز کی تعداد میں اضافے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہیلتھ پروفیشنلز کو استعدادِ کار میں اضافے کیلئے تربیت دینا ہوگی۔اجلاس کے شرکاء نے نفسیاتی صحت کے مسائل سے نمٹنے کیلئے مختلف تجاویز دیں اور ذہنی بیماریوں سے نمٹنے کیلئے آگاہی پیدا کرنے اور لوگوں کو تعلیم دینے کی ضرورت پرزور دیا۔شرکاء کی جانب سے نفسیاتی صحت سے منسلک منفی تاثر کو ختم کرنے، مریضوں کو معیاری مشاورت اور علاج فراہم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔دوران اجلاس شرکاء نے مزید کہا کہ قومی سطح پر آٹزم منصوبہ بھی متعارف کرانے کی ضرورت ہے، پمز میں وزارت صحت ایک آٹزم مرکز کا قیام عمل میں لاچکی ہے، پمز کا آٹزم مرکز صوبوں اور دیگر اسپتالوں کیلئے ایک نمونے کا کردار ادا کرے گا۔اس موقع پر صدر مملکت نے ذہنی صحت کے منصوبے پر تعاون فراہم کرنے پر سمندر پار پاکستانی میڈیکل پروفیشنلز کے کردار کو سراہا۔واضح رہے کہ اجلاس میں پاکستانی امریکن سائیکاٹرک ایسوسی ایشن کے صدر، قومی کمیشن برائے انسانی حقوق اور عالمی ادارہ صحت کے نمائندوں نے شرکت کی۔اس کے علاوہ اجلاس میں پاکستان سائیکاٹری سوسائٹی، وزارت صحت، سمندر پار پاکستانی اور نفسیاتی صحت کے ماہرین بھی شریک ہوئے۔

بقیہ 8

شہباز گل نے لاہور ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مریم نواز کہتی ہیں کہ پہلے انصاف ہو گا پھر الیکشن ہوگا، وہ کہتی ہیں میرے والد کو چور کہا گیا اب دوسروں کو بھی چور کہا جائے، وہ خود کو چیف الیکشن کمیشن سمجھ رہی ہیں۔شہباز گل نے کہا کہ سپریم کورٹ میں کیس چل رہا ہے مگر بی بی نے پہلے فیصلہ سنا دیا، مجھے سزا اس وجہ سے دی جارہی ہے کیونکہ میں مڈل کلاس سے ہوں، میں ای سی ایل سے نام نکلوا کر باہر گیا پھر واپس بھی آیا، میرے اوپر جعلی مقدمے بنائے گئے

بقیہ 9

کہا کہ پاکستان کو معاشی میدان میں خودکفیل بنانے کیلئے آئی ایم ایف کا شکنجہ توڑنا ہوگا، ہروہ سرمایہ دار جس کا سرمایہ بیرون ملک بنکوں میں پڑا ہے وہ اس کی وطن واپسی یقینی بنائے اس سے قومی معیشت کو استحکام جبکہ ہمارے ہنرمندوں سمیت کئی ملین بیروزگاروں کو باعزت روزگار ملے گا اگر آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن پر معاشی فیصلے ہوتے رہے تو ہم شاید کئی دہائیوں تک بندگلی سے باہر نہیں نکل سکتے۔انہوں نے کہا کہ قومی ترقی اور خوشحالی کیلئے مراعات یافتہ طبقات سے مراعات واپس لی جائیں، سیاسی اشرافیہ بھی عام آدمی کی طرح جینا شروع کردے تو ملک وقوم کے حالات تیزی سے تبدیل ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 10

پارٹی قیادت سے بات چیت کرلی ہے، مزید مشاورت کے لیے وقت درکار ہوگا۔چیف جسٹس نے کہا کہ پشاور ہائی کورٹ نے 2 ہفتے نوٹس دینے میں لگا ئے، لاہور ہائی کورٹ میں بھی معاملہ التوا میں ہے، سپریم کورٹ میں آج مسلسل دوسرا دن ہے اور کیس تقریباً مکمل ہو چکا ہے، عدالت کسی فریق کی نہیں بلکہ آئین کی حمایت کر رہی ہے۔دوران سماعت فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ عدالت ہائی کورٹس کو جلدی فیصلے کرنے کا حکم دے سکتی ہے، جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ عدالت معاملہ آگے بڑھانے کیلئے محنت کر رہی ہے، ججز کی تعداد کم ہے پھر بھی عدالت نے ایک سال میں 24 بڑے کیسز نمٹائے۔جسٹس منیب اختر نے کہا کہ الیکشن کی تاریخ دینا صدر کی صوابدید ہے، اسمبلی مدت پوری ہو تو صدر کو فوری متحرک ہونا ہوتا ہے، فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ سپریم کورٹ رولز میں بینچ تشکیل کا طریقہ کار موجود ہے، سپریم کورٹ رولز کے مطابق یہ آگاہ کرنا ضروری ہے کہ معاملہ ہائی کورٹ میں ہے یا نہیں۔جسٹس منیب اختر نے کہا کہ درخواست گزار نے ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہوا تو بتانا ضروری ہے۔جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ سپریم کورٹ سماعت اصل سوال الیکشن کی تاریخ دینے کا ہے کہ کون دے گا، 14 جنوری سے کسی کو فکر نہیں کہ تاریخ کون دے گا، پارلیمنٹ چاہتی تو کچھ کر سکتی تھی، جس پر فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ میں سینیٹر ہوں ابھی سینیٹ اجلاس نہیں ہورہا۔چیف جسٹس نے کہا کہ 3 ہفتے سے ہائیکورٹ میں صرف نوٹس ہی چل رہے ہیں، اعلی عدلیہ کو سیاسی تنازعے میں نہیں پڑنا چاہیے،صرف مخصوص حالات میں عدالت ازخودنوٹس لیتی ہے، گزشتہ سال 2،اس سال صرف ایک ازخودنوٹس لیا، سب متفق ہیں کہ آرٹیکل 224 کے تحت 90 روز میں الیکشن لازم ہیں۔چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ عدالت تلاش میں ہے کہ الیکشن کی تاریخ کہاں سے آنی ہے؟ مستقبل میں الیکشن کی تاریخ کون دے گا اس کا تعین کرنا ہے،صرف قانون کی وضاحت کرنا چاہتے ہیں، عدالت کسی سے کچھ لے رہی ہے نا دے رہی ہے۔فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ جوڈیشل ایکٹوازم میں تحمل پر عدالت کا مشکور ہوں، فاروق ایچ نائیک کے دلائل مکمل ہونے کے بعد ن لیگ کے منصور اعوان نے دلائل شروع کیے۔وکیل مسلم لیگ ن منصور اعوان نے کہا کہ 1975 میں آرٹیکل 184/3 کی پہلی درخواست آئی تھی، عدالت نے تمام اعتراضات مسترد کرتے ہوئے مقدمہ سنا تھا، ہائی کورٹ کا فیصلہ آچکا جو سپریم کورٹ میں چیلنج نہیں ہے۔منصور اعوان نے کہا کہ اگر عدالت کہتی ہے کہ گورنر تاریخ دے گا تو کوئی مسئلہ نہیں، عدالت کسی اور نتیجے پر گئی تو ہائی کورٹ کا فیصلہ کالعدم ہوجائے گا۔جسٹس منیب اختر نے کہا کہ موجودہ حالات میں مقدمات 2 مختلف ہائی کورٹس میں ہیں، ایسا بھی ممکن ہے دونوں عدالتیں متضاد فیصلے دیں، وقت کی کمی کے باعث معاملہ اٹک سکتا ہے۔جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ یہ بھی ممکن ہے ہائی کورٹس کا فیصلہ ایک جیسا ہو اور کوئی چیلنج نہ کرے، اس پر وکیل ن لیگ نے کہا کہ لاہور ہائی کورٹ نے دو آئینی اداروں کو مشاورت کا کہا۔جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ اصل معاملہ وقت کا ہے جو کافی ضائع ہو چکا، 90 دن کا وقت گزر گیا تو ذمہ دار کون ہوگا، جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ لاہور ہائی کورٹ میں کیس زیادہ تاخیر کا شکار نہیں ہو رہا، وکیل ن لیگ نے کہا کہ امکان ہے ہائی کورٹس کے فیصلے مختلف ہی آئیں گے۔

بقیہ 11

شہر کی تمام سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر تجاوزات مافیا نے پنجے گاڑھ رکھے ہیں۔اس لاقانونیت پر چشم پوشی کی مد میں ضلعی انتظامیہ کے اہلکاران اپنا حصہ وصول کرتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ضلعی انتظامیہ کبھی کبھار افسران بالا کو سب اچھے کی رپورٹ کرنے کے لیے چکر لگاتے ہیں جبکہ دوسری جانب آپریشن سے قبل ہی تجاوزات مافیا کو رپورٹ کر دیتے ہیں۔تمام انتظامیہ آج بھی اس بات سے لاعلم ہے کہ شہر بھر میں شہریوں کی آمدورفت کیلئے جو فٹ پاتھ بنائے گئے ہیں وہ کہاں غائب ہوگئے۔ضلعی انتظامیہ کی غفلت اور شعبہ تجاوزات کے کرپٹ اہلکاروں کی تجاوزات مافیا سے ملی بھگت کے باعث پیدل چلنے والے شہری اور ٹریفک کا ادھام ایک ساتھ سڑک پرر واں دواں ہیں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ گرجاروڈ ودیگر شہر بھر سے تجاوزات مافیا کے خاتمہ کیلئے ڈنگ ٹپاؤ پالیسی پر عمل کرانے کی بجائے جرات مندانہ اقدامات اٹھائے جائیں۔شہر کی تمام شاہراں کی عام شہریوں کیلئے بنائی گئیں فٹ پاتھ واگزار کروائی جائیں

بقیہ 12

تو ایسے واقعات جنم لیتے رہیں گے۔رانا ثنااللہ نے کہا کہ نظام عدل میں سب برابر ہیں کسی لاڈلے کی کوئی گنجائش نہیں، قانون کی خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی۔

بقیہ 13

انتظامیہ کی گاڑیوں پرڈنڈے برسادیے۔ضلعی انتظامیہ نے زمان پارک سے ٹینٹ اکھاڑ دیے اور پی ٹی آئی کے بینرز بھی اتار دیے۔ضلعی انتظامیہ نے کرسیاں اٹھا کر کارپوریشن کے ٹرک میں ڈال دیں اور زمان پارک میں لگے پینا فلیکس بھی اتار دیے گئے۔

بقیہ 14

میں خود کو صحافی ظاہر کرنے والے 6 افراد کے خلاف مقدمہ درج ہوگیا۔جب کہ دیپال پور میں ایک ویب چینل کے رپورٹر کے خلاف ایف آئی آر درج ہوئی ہے۔گوجرانوالہ میں بھی بغیر این اوسی کے اخبارات نکالنے والے صحافیوں کی لسٹ تیار کرلی گئی ہے جلد مقدمات درج ہوں گے

بقیہ 15

نے عمران خان کا نام لیے بغیر کہا کہ لیڈر ضمانت قبل از گرفتاری لے کر بیٹھا ہوا ہے اور باقیوں کو کہتا ہے جیل جاؤ۔انہوں نے مشورہ دیا کہ پی ٹی آئی کو اس وقت الیکشن مہم چلانی چاہیے، عوام کے خرچے پر جیل میں بیٹھنے کی سمجھ سے بالاتر ہے۔گرفتار لوگوں کو لاہور سے دوسرے شہروں میں منتقل کرنے کے سوال پر ناصر اقبال نے کہا کہ پہلے انہیں کیمپ جیل لے جایا گیا تھا، جگہ نہ ہونے پر کوٹ لکھپت جیل منتقل کیا گیا، وہاں بھی جگہ نہ ہونے پر دوسرے شہر لے جایا گیا۔جو کام کرتے ہیں پھر اس کو بھگتنا پڑتا ہے۔بیٹے کی رہائی کے لئے درخواست دائر کرنے کے سوال پر انہوں نے کہا کہ میں نے اس کو منع کیا تھا کہ یہ کام مناسب نہیں ہے، یہ پہلی بار گاندھی نے شروع کیا تھا، وہ لیڈر تھا اور اس نے پہلی گرفتاری دی، جبکہ ان کے لیڈر نے ضمانت لے رکھی ہے۔پی ٹی آئی کا دھیان الیکشن کی مہم پر ہونا چاہیے لوگوں کو ووٹ کی اہمیت بتانی چاہیے۔واضح رہے کہ گزشتہ روز تحریک انصاف کی جانب سے شروع کی گئی جیل بھرو تحریک کے 5 ویں مرحلے میں گوجرانوالہ سے متعدد کارکنوں نے گرفتاری دی تھیں، اس سے قبل لاہور اور راولپنڈی سے بھی پی ٹی آئی کی جانب سے گرفتاریاں دی گئی ہیں، اس تحریک کا آغاز شاہ محمود قریشی کی گرفتاری سے ہوا تھا۔تحریک انصاف کی جیل بھرو تحریک کے تحت سرگودھا میں سابق صوبائی وزیر، سابق ایم پی ایز سمیت متعدد کارکنوں نے گرفتاریاں پیش کر دیں۔میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیس نے 3 ویگنز میں بھر کر تحریک انصاف کے کارکنوں کو سلانوالی اور بھاگٹانوالہ کے تھانوں میں منتقل کردیا، گرفتاریاں دینے والوں میں سابق صوبائی وزیر عنصر مجید خان نیازی، سابق ایم پی اے فیصل فاروق چیمہ، ملک شعیب اعوان، انصر اقبال ہرل، پیر فاروق بہاؤالحق، ذوالفقار باجوہ، خواجہ خان، نذیر سوبھی، ذوالفقار بھٹی، مہر محسن رضا، ذکااللہ خان اور دیگر شامل ہیں

بقیہ 16

کارروائی کی جائے گی۔ترجمان کے مطابق جوڈیشل کمپلیکس میں داخل ہونے والوں کے خلاف مقدمہ درج کیا جارہا ہے۔اس حوالے سے اسلام آباد پولیس کے ترجمان کا کہنا ہے کہ سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے والوں کو کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا۔ترجمان کے مطابق احاطہ عدالت سے جن افراد نے دروازہ کھولنے میں معاونت کی ان کے خلاف بھی کارروائی ہوگی۔اسلام آباد پولیس کے ترجمان کے مطابق سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج سے شناخت کی جارہی ہے۔ترجمان کا کہنا ہے کہ ہائیکورٹ یا دیگر عدالتوں میں حاضری کے دوران یہ عمل دہرایا گیا تو طاقت کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔واضح رہے کہ 4 کیسز میں پیشی کے لیے زمان پارک لاہور سے روانہ ہونے والے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان قافلے کے ہمراہ اسلام آباد میں جوڈیشل کمپلیکس پہنچے تھے۔فیڈرل جوڈیشل کمپلیکس میں پی ٹی آئی کے کارکنوں کی بڑی تعداد کو سیکیورٹی اہلکار روکنے میں ناکام رہے تھے۔

بقیہ 17

رہا تھا، پولیس نے شک کی بنیاد پر ریحانہ کو حراست میں لے کر تفتیش کی تو اس نے اعتراف جرم کرلیا۔

بقیہ 18

،انچارج سیرت چیئر اور پرنسپل اورینٹل لینگوا نجز جی سی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس بھی ان کے ہمراہ تھے۔کانفرنس سے خطاب میں ڈاکٹر محمد احمد الشرقاوی کا کہنا تھا کہ ہم کو دنیاوی اور آخرت کے خسارے سے بچنے کے لیے اسوہ حسنہ کی روشنی میں اپنے معاملات زندگی طے کرنے ہوں گے، انہوں نے اصلاح معاشرہ کے نبوی منہاج کی وضاحت بھی کی۔ڈاکٹر احمد علی نے تعلیمات نبوی کو اپنانے کی عصری اہمیت واضح کی۔اس موقع پر انچارج سیرت چیئر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس کا کہنا تھا کہ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کی سربراہی میں یونیورسٹی میں مختلف تحقیقی پروجیکٹس کیے جا رہے ہیں۔ان کا مقصد معاشرے میں بین المذاہب ہم آہنگی، انس اور محبت کا جذبہ پیدا کرنا ہے، سیرت چیئر کا قیام بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔سیمینار میں ریسرچ کے طلباء و طالبات کے علاوہ فیکلٹی ممبران نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 19

اسلام آباد میں اقوام متحدہ فنڈ برائے آبادی کے نمائندے ڈاکٹر لوئے شبانے Dr Luay Shabaneh سے ملاقات کے دوران کہی۔ملاقات میں سیکرٹری وزارت برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ غفران میمن اور سیکرٹری بی آئی ایس پی یوسف خان بھی موجود تھے۔وفاقی وزیر نے ڈاکٹر لوئے شبانے کو بتایا کہ حکومت پاکستان خواتین کو بینظیر انکم سپورٹ کے ذریعے بااختیار بنانے کی کوششیں کر رہی ہے۔ اس پروگرام کے تحت 2008 سے لے کراب تک تقریبا 90 لاکھ خاندانوں کو مالی امداد فراہم کی گئی ہے۔انہوں نے مزید آگاہ کیا کہ پروگرام کے تحت 28 ہزار سالانہ کی مالی امداد سہ ماہی اقساط کی صورت میں دی جاتی ہے۔محترمہ شازیہ مری نے یو این ایف پی اے کے نمائندے کو بی آئی ایس پی کے مختلف اقدامات پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ بینظیر نشوونما کے تحت حکومت حاملہ خواتین، دودھ پلانے والی ماؤں اور انکے 2 سال سے کم عمر بچوں کیلئے غذا کی فراہمی کو یقینی بنایا جاتا ہے۔انہوں نے بینظیر تعلیمی وظائف پروگرام کے بارے میں بھی بتایا جس کے تحت 90 لاکھ بچوں کو فنڈ زمل رہے ہیں جس سے سکولوں میں داخلے کیصول میں اضافہ ہوا ہے اور سکولوں سے خارج ہونے والے بچوں کے مسئلے کیے حل کی بھی کوشش کی جارہی ہے۔ڈاکٹر لوئے شبانے نے وفاقی وزیر محترمہ شازیہ مری کی خواتین کو سماجی تحفظ فراہم کرنے پر انکی کاوشوں کو سراہا اورتسلیم کیا کہ بی آئی ایس پی کے تمام پروگرام یو این ایف پی اے کے ساتھ مماثلت رکھتے ہیں اور انہوں نے امید ظاہر کی کہ یو این ایف پی اے مستقبل میں بی آئی ایس پی کی قیادت کیساتھ ایک اسٹریٹجک شراکت دار کے طور پر کام کرنے کی خواہاں ہے۔انہوں نے اس گہری مماثلت کے حوالہ دیتے ہوئے چیئرپرسن بی آئی ایس پی سے ان اداروں کے اہداف کی تکمیل کیلئے مشترکہ لائحہ عمل مرتب کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے UNFPA کے بہت سے اہداف پر روشنی ڈالی، جیسے کہ، (i زچگی کی اموات کا خاتمہ، (ii خاندانی منصوبہ بندی سے جڑے اہداف کی تکمیل میں رکاوٹ کا خاتمہ، (iii جنسی تشدد کا خاتمہ وغیرہ۔ میٹنگ کے اختتام پر وفاقی وزیر و چیئرپرسن بی آئی ایس پی اور یو این ایف پی اے کے نمائندے نے تخفیف غربت کے لئے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 20

شادی کے موقع پر غیر ضروری اخراجات اور جہیز مالی بوجھ ہیں جس کی وجہ سے بہت سی لڑکیوں کی شادی نہیں ہوپاتی۔انہوں نے کہا کہ ایوان کو اس حوالے سے قانون سازی کرنی چاہیے

بقیہ 21

ہوں گی۔نوٹیفکیشن کے مطابق میڈیکل ڈیوائسز میں ہارٹ والوز، لنگ وینٹی لیٹرز، ماسک، ہائپو ڈرمک نیڈلز سمیت دیگر آلات شامل ہیں۔کلاس ڈی، سی کی میڈیکل ڈیوائسز رواں سال 31 دسمبر 2023 تک جبکہ کلاس اے اور بی کے طبی آلات کو 31 دسمبر 2024 تک رجسٹریشن سے مستثنیٰ قرار دیا گیا

بقیہ 22

اے ٹی سی اسلام آباد میں پیش ہوئے، عمران خان کو عقبی دروازے سے اے ٹی سی اسلام آباد پہنچایا گیا، جہاں عمران خان نے تھانہ سنگجانی میں درج مقدمہ میں ضمانت کی درخواست دائر کی تھی، پیش ہونے پرانے ٹی سی اسلام آباد نے عمران خان کی عبوری ضمانت منظور کرلی، عدالت نے اس سے قبل عمران خان کی عدم حاضری پر درخواست ضمانت مسترد کردی تھی۔ادھر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ظفر اقبال نے لیگی رہنما محسن شاہ نواز رانجھا کی مدعیت میں توشہ خانہ ریفرنس فیصلے کے بعد احتجاج کے تناظر میں عمران خان کے خلاف اقدام قتل کی دفعہ میں تھانہ سیکرٹریٹ میں درج مقدمے کی سماعت کی

بقیہ 23

انتظامیہ خواب غفلت سے نہ جاگ سکی ٹوٹے ہوئے جنگلے بھی غائب ہوگئے مگر مجال ہے کہ اداروں کے کانوں سے جوں تک رینگی ہو اداروں کی اس غفلت اور لاپرواہی سے قومی خزانے کو لاکھوں کا چونا لگ گیا جبکہ جی ٹی روڈ پر لگے سیفٹی بلاکس بھی حادثات کی وجہ سے جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو کر ڈی ایس پی آفس، اے سی گوجرخان آفس سے لیکر بڑکی موڑ تک مختلف جگہوں سے ٹوٹ کر سروس روڈ کے نالے پر گرے پڑے ہیں جو کہ این ایچ اے اور گوجرخان انتظامیہ کا منہ چڑا رہے ہیں مگر مجال ہے کہ ان کو بھی این ایچ اے اور انتظامیہ نے اٹھوا کر جی ٹی روڈ پر نصب کروانا گوارا سمجھا ہو اداروں میں بیٹھے لوگ مفت کی تنخواہیں لیکر قومی خزانے پر بوجھ بنے بیٹھے ہیں عوامی حلقوں نے این ایچ اے، اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان، چیف آفیسر بلدیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ جی ٹی روڈ پر ٹوٹے ہوئے جنگلوں کو بند کرکے یہ کراسنگ پوائنٹس بند کروائے جائیں اور گرے ہوئے روڈ سیفٹی بلاکس کو جی ٹی روڈ پر نصب کروانا جائے اور جی ٹی روڈ پر ٹریفک میں خلل ڈالنے والے ریڑھی بانوں کو جی ٹی روڈ سے فی الفور ہٹایا جائے اور انہیں جی ٹی روڈ سے ہٹا کر متبادل جگہ فراہم کی جائیں تا کہ جی ٹی روڈ سے گزرنے والی ٹریفک کی روانی میں خلل نہ پڑے اور متبادل جگہ فراہم کرنے سے یہ ریڑھی بان بھی اپنے خاندانوں کے لئے رزق حلال کما سکیں۔

بقیہ 24

جذبہ دیکھ کر دل خوش ہوگیا۔عوام کو مسائل سے نکالنے میں تاریخی کردار ادا کرنا ہے۔پارٹی کی مرکزی تنظیم ذیلی شعبہ جات کے لیے ماں کی طرح ہوتی ہے۔الیکشن کی تیاری کریں، عوام سے رابطے بڑھائیں، حقیقت بتائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی تباہی لانے والے کرداروں کے نام بتائیں۔جبکہ سوموار کو ساہیوال میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب بھی انتخابات ہوں گے، شیر بھاری اکثریت سے جیتے گا، ترازو کے دونوں پلڑے برابر کیے جائیں گے، نواز شریف سے ناانصافیوں کا ازالہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف کی بیٹی سامنے کھڑی ہے، عمران خان کی بیٹی کدھر ہے؟ پہلی بار کسی وزیراعظم نے اتنا جھوٹ بولا اور اپنی اولاد تک چھپائی۔مریم نواز نے کہا کہ نواز شریف نے بہت سی پیشیاں بھگتیں، عمران خان بھی بھگتے گا۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف کی حکومت ختم کرکے ملکی ترقی کو روکا گیا، ملکی ترقی کو روکنے والوں کو جواب دینا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے دل میں پاکستان دھڑکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ن لیگ کے قائدین وکارکنوں نے بغیر کسی جرم کے جیلیں کاٹی ہیں جبکہ عمران خان اپنے کارکنوں کو کہہ رہا ہے کہ جیل بھرو خود جیب بھر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن انتخابات کی تیاری کر رہی ہے، مسلم لیگ ن عوامی حمایت سے بھاری اکثریت سے انتخابات جیتے گی۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف نے ملک کو جوہری طاقت بنایا، اس دور میں ملک ترقی کر رہا تھا پھر سازش کے تحت اس ملک کی ترقی کو روکا گیا، آئی ایم ایف کے معاہدے سے روگردانی کر کے ملک کو معاشی نقصان پہنچایا گیا، مسلم لیگ ن ہی اس ملک کو معاشی گرداب سے نکالے گی

بقیہ 25

یسٹ مینجمنٹ کمپنی احمد نواز گوندل نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہر بھر کے بڑے نالوں اور اندرون شہر نالیوں کی صفائی مکمل کی جائے، صفائی اور ویسٹ مینجمنٹ کی مجموعی کارکردگی کو بہتر بنایا جائے تا کہ صفائی پر شہریوں کو مطمئن کیا جاسکے، ہر کام کو ایک مکمل اور جامع نظام کے تحت لانے سے شہر کو صاف بنانے میں مدد ملے گی اور ساتھ ساتھ سخت مانیٹرنگ کے باعث کوئی بھی اپنے فرائض سے غفلت برتنے کی غلطی نہیں کریگا اور شہر کو زیرو ویسٹ یقینی بنانے میں مدد ملے گی، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی شہر کی صفائی کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے، شہریوں کی صفائی کی شکایات پر فوری ایکشن لیا جائے، صفائی کیساتھ ساتھ بھرپور صفائی آگاہی مہم میں شہریوں کو گھر گھر صفائی یقینی بنانے کا پیغام پہنچایا جائے، قبل ازیں سی ای او آر ڈبلیو ایم سی احمد نواز گوندل اور سینئر منیجر آپریشن محمد حسنین نے کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کو آر ڈبلیو ایم سی کی لینڈفل سائیڈ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی احمد نواز گوندل نے صفائی و آگاہی مہم اور مجموعی انتظامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر شہر کی صفائی کر کے سینکڑوں ٹن کوڑا کرکٹ ڈمپ کیا جاتا ہے، صفائی کیساتھ ساتھ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی سوشل موبلائزیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیم بھی آپریشن سٹاف کے شانہ بشانہ فیلڈ میں شہریوں کو آگاہی دینے میں مصروف ہے، گھر گھر، مارکیٹ، تعلیمی اداروں، مساجد، پارکوں میں جا کر شہریوں کو صفائی کا پیغام دیا جارہا ہے، تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی جاتی ہے کہ کوڑا کرکٹ کوڑے دان میں ڈالیں یا ہمارے سینٹری ورکرز کو دیں، اپنے گھروں کی صفائی کیساتھ گلی، محلے، بازار اور دیگر ملحقہ علاقوں میں صفائی برقرار رکھیں، صفائی کا پیغام اپنے اردگرد موجود افراد میں عام کریں، کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ نے شہر کی صفائی کیلئے راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا یہی کارکردگی سارا سال جاری رکھی جائے اور شہر میں صفائی کی صورتحال مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی، صفائی کے حوالے سے کوئی غفلت برداشت نہیں کی جائیگی، ورکرز کی حاضری ہر صورت یقینی بنائی جائے، مختلف فورمز پر ملنے والی شہریوں کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے، ہم سب مل کرایک صاف اور سرسبز پاکستان کا ہدف حاصل کرسکتے ہیں، اپنی آئندہ آنے والی نسلوں کے لئے ماحول کو صحت افزا اور صاف رکھنا ہوگا

بقیہ 26

اور ڈی سی وغیرہ کے تبادلوں کے عوض اربوں روپے بطور رشوت لیتی رہیں۔فرح گوگی نے فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ میں سال 2021 میں 60 کروڑ روپے مالیت کی 10 ایکڑ اراضی اپنی کمپنی المعیز ڈیریز اینڈ فوڈز پرائیویٹ لمیٹڈ کے نام پر غیر قانونی طور پر صرف 8 کروڑ میں الاٹ کروائی۔ایف آئی آر کے مطابق اس کے علاوہ فرح گوگی نے سرکاری افسران پر دباؤ کے ذریعے ٹھیکہ جات کے ٹینڈرز غیر قانونی طور پر ایوارڈ کروانے کی مد میں بھی کروڑوں روپے بطور رشوت لیے۔تحقیقات کے دوران انکشاف ہوا کہ فرح گوگی کے ذاتی بینک اکاؤنٹس میں گزشتہ دور حکومت کے پچھلے تین سالوں میں تقریباً 84 کروڑ روپے جمع کروائے گئے جو اس کے ذرائع آمدن سے مماثلت نہیں رکھتے ہیں۔فرح گوگی کے تمام بینک اکاؤنٹس میں مجموعی طور پر گزشتہ دور حکومت میں تقریباً ایک ارب روپے سے زائد بذریعہ کیش جمع کروائے گئے۔صرف سال 2019 اور 2020 میں فرح گوگی کے بینک اکاؤنٹس میں تقریباً 41 کروڑ روپے بذریعہ کیش جمع کروایا گیا۔فرح گوگی کے بینک اکاؤنٹس میں 50 سے زائد کیش رائیڈرز نے جمع کروایا جس کی تحقیقات جاری ہیں۔تحقیقات کے دوران فرح گوگی کے اربوں روپے کے مزید بے نامی بینک اکاؤنٹس ملنے کا امکان ہے۔گزشتہ دور حکومت میں فرح گوگی کے نام پر بننے والے تقریباً 52 کروڑ روپے مالیت کے اثاثہ جات بشمول لاہور اور اسلام آباد میں کمرشل و رہائشی پلاٹ، پلازے اور گھر سامنے آئے ہیں۔فرح گوگی نے کرپشن، رشوت اور غیر قانونی سیاسی اثر ورسوخ و دباؤ کے ذریعے اربوں روپے کمائے اور پھر منی لانڈرنگ کے ذریعے اثاثہ جات بنائے۔ایف آئی اے لاہور نے اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ کے سیکشن 3 اور 4 کے تحت مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا دائرہ کار وسیع کر دیا۔آئندہ فرح گوگی کے کمائے گئے کالے دھن سے جڑے اور بڑے بڑے سیاسی وسرکاری نام بھی سامنے آنے کے امکانات ہیں۔

بقیہ 27

سپورٹس بورڈ شاہد اسلام اور محمد ارشد نے نمائندگی کی۔اجلاس میں انیق الرحمٰن نے PAT کے اغراض ومقاصد اور اب تک کی گئی کاوشوں کے بارے میں بریفنگ دی۔انہوں نے کہا کہ ہماری تنظیم ان تین ممالک کے مابین باہمی تجارت ، ایجوکیشن ، سیاحت ، زراعت ، سپورٹس ، ثقافت ودیگر شعبوں کو فروغ دینے کے لیے کام کر رہی ہے۔نجی تعلیمی اداروں کے طلبا وطالبات یوتھ ایکسچینج پروگرام کے تحت فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ PAT اپسما کی مدد سے بچوں کی سلیکشن کے مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ کرے گی۔اپسما راولپنڈی ڈویژن کے صدر ابرار احمد خان نے تمام شرکا کا شکریہ ادا کیا اور اس اجلاس میں طلبا وطالبات کے مفادات کے لیے کئے گئے فیصلوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ اپسما سب سے پہلے ضلع راولپنڈی کو پائلٹ پروجیکٹ کے طور لے گی اور تعلیمی اداروں میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے عملی طور پر اقدامات اٹھائے گی۔انہوں نے کہا کہ عنقریب اپسما PAT کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرے گی۔کرنل رفواد نے کہا کہ اپسما صاف پینے کے پانی اور ملک میں جاری شجرکاری مہم میں ماضی کی طرح بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہی ہے۔انہوں نے اپسما کی طرف سے ترکی میں حالیہ زلزلہ سے متاثرین کے لیے ترکی کے سفیر کو بچوں کی طرف سے امدادی سامان فراہمی کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا اور کہا کہ اپسما اب شام کے متاثرین کی امداد کے لیے فنڈ ریزنگ کر رہی ہے۔

بقیہ 28

جائیں گے، جن کی وجہ سے چیئرمین پی ٹی آئی جیل بھی جائیں گے لیکن عمران خان جیل جانے سے ڈر رہے ہیں۔انہوں نے کہا ہے کہ مہنگائی سے سرکاری ملازمین اور مزدور طبقہ پریشان ہے، اس لیے سرکاری ملازمین کی تنخواہیں 70 فیصد تک بڑھائی جائیں اور مزدوروں کی مزدوری میں بھی اضافہ کا اعلان کیا جائے۔ادھر پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر چوہدری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ عمران خان کا راستہ روکنے کی پی ڈی ایم کی ہر سازش ناکام ہوگی، راجن پور عوام نے وفاقی اور نگران پنجاب حکومت کو ظلم وجبر کے ہر ہتھکنڈے کا جواب دیا، عمران خان نے پارٹی صدر بنا کر عزت دی، عمران خان کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر چلیں گے۔اسی طرح تحریک انصاف کے مرکزی رہنماء فرخ حبیب نے کہا ہے کہ لال کاٹا بند کمروں میں نہیں لگے گا، اس کا فیصلہ عوام کریں گے، حکومت نے مہنگائی کے 70 سالہ ریکارڈ توڑ دیے ہیں، اگر ہوش کے ناخن نہیں لیں گے تو ملک تباہی کی طرف جائے گا۔انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محسن لغاری کے سپورٹرز پر تشدد کروایا گیا، گرفتاریاں کی گئیں، فصلوں کو آگ لگائی گئی، ہر طرح کی ہراساں کرنے کی فضاء بنائی گئی، اس کے باوجود انتخابات کا نتیجہ آیا تو پی ٹی آئی کے امیدوار کامیاب ہوئے، لوگوں کو پتا ہے کہ انہوں نے اسمبلی میں نہیں جانا بلکہ عام انتخابات کا مطالبہ کر رہے ہیں، عمران خان جو کہتے تھے ثابت ہوگیا کہ لال کاٹا بند کمروں میں بیٹھ کر نہیں لگے گا، لال کاٹے کا فیصلہ عوام نے کرنا ہے، راجن پور کے عوام نے لال کاٹا پی ڈی ایم کے لوگوں پر لگایا ہے، سب سے مقبول جماعت پی ٹی آئی ہے، مزدور، دیہاڑی دار، ہاری کی آواز ہے، مہنگائی کے 70 سالہ ریکارڈ توڑ دیئے ہیں، گیس بجلی، آٹا ڈیزل پیٹرول مہنگا ہو گیا ہے

بقیہ 29

اور اس کی مذمت بھی کرتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ مریم نواز نے کل بھی دھمکیاں لگائی ہیں اور کہا ہے کہ اقتدار کا فیصلہ نواز شریف کریں گے جبکہ الیکشن کا فیصلہ وہ خود کریں گی تو آئین اور ادارے کیا کریں گے، اس صورتحال میں ان کی کیا ذمہ داری رہ جاتی ہے؟ انہوں نے بتایا کہ اگر مریم نواز کی بات مان لی جاتی ہے تو پھر آئین کے کاغذ پھاڑ کر اس پر پکوڑے ہی کھائے جاسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان کی اپنی پارٹی ایک بہت بڑی توڑ پھوڑ کا شکار ہے لہٰذا مریم نواز اداروں کو دھمکیاں دینے سے باز رہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ آئین ہی پاکستان میں سپریم ہوگا کیونکہ آئین کے سپریم ہونے کا مطلب یہ ہے

بقیہ 30

ناکام ہو چکا ہے، ان کا کام سپریم کورٹ کر رہا ہے، سپریم کورٹ الیکشن کا ایک ساتھ اعلان کرے۔انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم اور پی ٹی آئی کی لڑائی ذاتی مفادات کیلئے ہے، پی ڈی ایم اور تحریک انصاف آئی ایم ایف کے غلام ہیں، یہ دونوں سیاسی دہشت گرد ہیں۔سراج الحق کا مزید کہنا تھا کہ مہنگائی اس نہج پر پہنچ چکی ہے کہ لگتا ہے سانس لینے پر بھی ٹیکس لگ جائے گا، خیبر پختونخوا میں سکیورٹی کی صورت حال خراب ہے، بھتہ خوری جاری ہے۔

بقیہ 31

واقع تھا۔واضح رہے کہ چند روز قبل بھی بلوچستان کے ضلع ژوب اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے تھے۔زلزلہ پیما مرکز کا کہنا تھا کہ ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 309 ریکارڈ کی گئی جبکہ زیر زمین گہرائی 40 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔زلزلے قدرتی آفت ہیں جن کے باعث دنیا بھر میں لاکھوں افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں۔ماہرین کے مطابق زمین کی تہہ تین بڑی پلیٹوں سے بنی ہے۔پہلی تہہ کا نام یوریشین، دوسری انڈین اور تیسری اریبئین ہے۔زیرزمین حرارت جمع ہوتی ہے تو یہ پلیٹیں سرکتی ہیں، زمین ہلتی ہے اور یہی کیفیت زلزلہ کہلاتی ہے۔

بقیہ 32

گا تو عوام اپنے نمائندے خود چنے گی۔انکا کہنا ہے کہ آپ مہنگائی سے بچنے کے لیے پاکستان کے محب وطن لیڈروں کو نشانہ بنایا جارہا ہے، عمران خان کو نقصان پہنچانا پاکستان کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے، اگر خدانہ کرے عمران خان کو کچھ ہوا تو عوام خود بخود سڑکوں پر نکلے۔مسرت چیمہ نے کہا کہ امجد شعیب کے ساتھ زیادتی کی جارہی ہے، رانا ثناء اللہ خون خوار درندہ ہے اور مریم نواز غنڈی رن ہے، مریم نواز جلسوں میں آئین اور قانون نہ ہونے کی دھمکیاں دیتی ہے، وہ چاہتی ہے اُسکے باپ کا آئین ہو۔انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین کو ہٹانا پاکستان پر کالی ضرب لگانا ہے، عدلیہ سے اپیل ہے ہم قانون کی آئین کی بالادستی کی جنگ لڑ رہے ہیں، اگر آپ استثنا نہیں دے سکتے تو ایک شارٹ آرڈر جاری کرسکتے ہیں۔پی ٹی آئی رہنما نے مزید کہا کہ آج عمران خان کا استقبال پنڈی اور اسلام آباد کے لوگ پرتپاک طریقے سے کریں گے۔دوسری جانب فواد چوہدری نے کہا ہے کہ عمران خان آج چار عدالتوں میں پیش ہوں گے، ان تمام مقامات پر عمران خان اور ان کے ساتھ ہزاروں لوگوں کی سیکیورٹی کو شدید خطرہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ جعلی مقدموں میں انھیں ایک عدالت سے دوسری عدالت پیش کیا جارہا ہے، حاضری ویڈیو لنک سے ممکن تھی لیکن مقصد عمران خان کی زندگی سے کھیلنا ہے

بقیہ 33

اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے متعلق رپورٹس بھی متعلقہ ایجوکیشن افسران کو فراہم کریں گے اور ایک سکول میں اسمبلی کے وقت اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں گے۔

بقیہ 34

کہا کہ سفارتخانے کا ایک اعلی افسر نے حادثے میں بچ جانے والے ان سولہ پاکستانیوں سے ملاقات کی ان پاکستانیوں کی جسمانی حالت اچھی ہے۔بچ جانے والے پاکستانیوں نے بتایا کہ بحری کشتی پربیس پاکستانی سوار تھے سفارت خانہ لاپتہ ہونے والے چار پاکستانیوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کیلئے اٹلی کے حکام سے قریبی رابطے میں ہے۔

بقیہ 35

سی اسلام آباد پہنچایا گیا، جہاں عمران خان نے تھانہ سنگجانی میں درج مقدمہ میں ضمانت کی درخواست دائر کی تھی، پیش ہونے پرانے ٹی سی اسلام آباد نے عمران خان کی عبوری ضمانت منظور کرلی، عدالت نے اس سے قبل عمران خان کی عدم حاضری پر درخواست ضمانت مسترد کر دی تھی۔ادھر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ظفر اقبال نے لیگی رہنما محسن شاہ نواز رانجھا کی مدعیت میں توشہ خانہ ریفرنس فیصلے کے بعد احتجاج کے تناظر میں عمران خان کے خلاف اقدام قتل کی دفعہ میں تھانہ سیکرٹریٹ میں درج مقدمے کی سماعت کی۔

بقیہ 36

اینڈ سیشن جج نے اندرون جیل ہسپتال، نوعمر وارڈ، خواتین وارڈ، کچن اسیران ودیگر بیرکس ویلز کا معائنہ کیا اور جیل انتظامیہ کی طرف سے کئے جانے والے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔انہوں نے اسیران سے مسائل بھی دریافت کئے اور معمولی جرائم میں ملوث 3۔اسیران کو ذاتی مچلکوں پر رہا کرنے کا حکم دیا۔سپرنٹنڈنٹ جیل نے انتظامی امور اور اسیران کی فلاح وبہبود کے لئے کئے گئے انتظامات سے آگاہ کیا۔

بقیہ 37

اور خطہ پوٹھوہار میں پہاڑوں پر برفباری کے ساتھ ہلکی بارش، آندھی، گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے، ملک کے دیگر علاقوں میں موسم سرد اور خشک رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ 38

جائے، آپریٹرز صوبے کی 145 صوبائی نشستوں میں بھی آر ایم ایس مشین کے استعمال کی مشق کریں گے۔مراسلے میں ہدایت کی گئی ہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے دی گئی گائیڈ لائنز پر عمل یقینی بنائیں اور مشین میں ڈیٹا انٹری کرتے وقت اگر مسائل کا سامنا ہو تو متعلقہ الیکشن آفیسر رپورٹ کریں، اس اہم عارضی مشق کو ترجیح دی جائے اور تجاویز بھی پیش کریں، تمام آپریٹرز کو مشق کیلئے یوزر نیم اور پاسورڈ بھیج دیا گیا ہے۔دوسری طرف انتخابات کے حوالے سے عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ فیصلے کے قریب ہے، حکومت کو الیکشن کروانا پڑیں گے، انہوں نے کہا کہ مریم نواز کے مضحکہ خیز بچگانہ مطالبات سے کام نہیں چلیگا، اب حکومت کو الیکشن کروانا پڑیں گے، چیف جسٹس نے کہا ہے صدر بھی الیکشن کی تاریخ دے سکتے ہیں، سپریم کورٹ اہم فیصلے کیقریب ہے۔سابق وزیر داخلہ نے کہا کہ راجن پور میں پی ٹی آئی کو تاریخی ووٹ ملیں ہیں، بلاول اور مریم جوزبان ججوں کے خلاف استعمال کر رہے ہیں اس سے آنے والے الیکشن کا خوف ظاہر ہوتا ہے، ایک طرف کہتے ہیں فل کورٹ بنایا جائے دوسری طرف کہتیں ہیں 2 ججوں کو ہٹایا جائے۔شیخ رشید احمد نے کہا کہ ایک طرف بچت کا نعرہ ہے اور دوسری طرف 85 وزراء کا جمعہ بازار لگا ہے، ساڑھے 6 کروڑ روپے غیر ضروری وزراء نے غیر ضروری دوروں پر خرچ کیئیں، اس میں بلاول کے اخراجات شامل نہیں، صدر نے بھی اٹارنی جنرل پر عدم اعتماد اور سلمان راجہ کو وکیل مقرر کیا ہے

بقیہ 39

کی منظوری کا پروسیس قانون کے مطابق پورا نہیں کیا۔استعفے دینے والے ارکان سے استعفوں کی تصدیق نہیں کی گئی۔سندھ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ سپریم کورٹ میں کیا ہوا ہے یہ بتائیں۔وکیل نے بتایا کہ یہ معاملہ سپریم کورٹ میں بھی ہے، لاہور ہائیکورٹ ایسی ہی درخواست پرحکم امتناعی جاری کر چکی ہے۔اسپیکر کے پاس استعفیٰ منظور کرنے کا اختیار ہی نہیں تھا، پی ٹی آئی کراچی کے اراکین قومی اسمبلی نے سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا۔درخواست میں استدعا کی گئی کہ کراچی میں 16 مارچ کو ہونے والے ضمنی الیکشن روکے جائیں۔لاہور ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی کے ایم این ایز کے استعفے منظور کرنے کے فیصلے کو کالعدم قرار دے دیا ہے۔لاہور ہائی کورٹ نے تمام اراکین اسمبلی کوان کی نشستوں پر بحال کردیا ہے۔اس فیصلے کے بعد کراچی میں ضمنی انتخابات کا جواز نہیں رہتا۔خیال رہے کہ لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کے 43 ارکان قومی اسمبلی کے استعفے منظور کرنے کا حکم معطل کیا تھا۔لاہور ہائیکورٹ میں تحریک انصاف کے 43 ارکان قومی اسمبلی کے استعفے منظور کرنے سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی، جسٹس شاہد کریم درخواست پر سماعت کی۔ریاض فتیانہ سمیت سابق 43 ارکان قومی اسمبلی کی طرف سے علی ظفر پیش ہوئے اور مؤقف اختیار کیا کہ 43 اراکین نے 23 جنوری کو اسپیکر کو استعفے واپس لینے کیلئے چٹھی لکھی تھی، اسپیکر نے استعفے منظور کرنے سے پہلے آئین کے تحت انکوائری نہیں کی اور کبھی اسپیکر کے پاس پیش نہیں ہوئے۔وکیل درخواست گزار نے بتایا کہ اراکین کو سنے بغیر اسپیکر استعفے منظور نہیں کرسکتا۔لاہور ہائیکورٹ نے تحریک انصاف کے 43 ایم این ایز کے استعفے منظور کرنے کا حکم معطل کردیا، عدالت نے الیکشن کمیشن سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کردیئے اور 43 حلقوں میں ضمنی الیکشن تاحکم ثانی روک دیا۔یاد رہے کہ پی ٹی آئی نے 43 سابق رکن قومی کے استعفے منظور کرنے کا اقدام عدالت میں چیلنج کیا اور درخواست دائر کی گئی، درخواست میں اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور الیکشن کمیشن سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا تھا۔

بقیہ 40

کا کورس بیماریوں سے تحفظ کے لیے اہم ہے۔انسداد پولیو پروگرام کی جانب سے جاری ٹویٹ میں کہا گیا کہ اپنے بچوں کی صحت مند زندگی کے لیے قریبی صحت کے مرکز سے مکمل معلومات حاصل کر کے "ابتدائی حفاظتی ٹیکہ جات '' کا کورس بروقت مکمل کروائیں۔مزید معلومات کے لیے 1166 پر کال کریں

بقیہ 41

واقعہ میں 16 پاکستانیوں کو ریسکیو کیا گیا اور انہوں نے بتایا کشتی پر 20 پاکستانی سوار تھے۔انہوں نے کہا کہ ڈوبنے والی کشتی پر سوار مزید 4 پاکستانی تاحال لاپتہ ہیں، کشتی حادثے میں کتنے پاکستانی جاں بحق ہوئے، ابھی تصدیق نہیں کرسکتے۔بعدازاں پاکستانی سفارتی عملے نے کشتی حادثے میں بچائے گئے 16 پاکستانیوں سے ملاقات کی۔پاکستان کے سفیر علی جاوید نے کہا کہ سفارتخانے کی سینئر اہلکار نے میڈیکل کیمپ میں 16 پاکستانیوں سے ملاقات کی، کشتی حادثہ کلابریا میں جس مقام پر ہوا سفارتخانے سے 9 گھنٹے کی مسافت پر ہے۔انہوں نے کہا کہ واقعے کی خبر ملتے ہی رات ہی کو سفارتخانے کے عملے کو جائے وقوع پر بھیجا گیا، کشتی حادثے میں بچ جانے والے 16 پاکستانیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے۔انہوں نے کہا کہ حادثے میں بچ جانے والوں نے بتایا کہ کشتی میں 20 پاکستانی سوار تھے، ریسکیو کیے جانے والے 16 پاکستانیوں کا تعلق ملاکنڈ، حافظ آباد، گوجرانوالہ اور گجرات سے ہے۔سفیر علی جاوید کے مطابق سفارتخانہ کشتی حادثے کے معاملے کو قریب سے دیکھ رہا ہے، سفارتخانہ 16 پاکستانیوں کی واپسی کے لیے اٹلی حکومت کے تعاون سے اقدامات کرے گا۔خیال رہے کہ اتوار کو ترکیہ سے اٹلی جانے والے غیر قانونی مہاجرین کی کشتی سمندر میں چٹان سے ٹکرا کر ڈوب گئی جس کے نتیجے میں پاکستانیوں سمیت 59 افراد ہلاک ہوئے اور کئی لاپتہ ہیں۔سفارتخانے نے ابتدائی طور پر 28 پاکستانیوں کی ہلاکت کی تصدیق کی تھی اور 12 لاپتہ قرار دیے تھے۔

بقیہ 42

کا مزید کہنا تھا کہ واضح طور پر عمران خان کو خصوصی مراعات دی جارہی ہیں، عدالت عام مجرم اور خاص مجرم کا تاثر پیدا کر رہی ہے جس کی وجہ سے پورے نظام عدل پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔

بقیہ 43

فومیگیشن نہ ہونے کے سبب بند کردیا گیا ہے اور طلبہ یا دیگر دورہ کرنے والے افراد کو لائبریری کے بالائی حصے میں جانے کی اجازت نہیں ہے۔حکومت سندھ اور کے ایم سی کی عدم توجہی کی داستان سناتی فیریئر ہال لائبریری کی لائبریرین ریٹائر ہوچکی ہیں اور کوئی سرکاری افسر بحیثیت لائبریرین یہاں تعینات نہیں ہے اور 157 برس سے قائم فیریئر ہال کی لائبریری کی کتابیں اب جاری ہوتی ہیں اور نہ ہی طلبہ کوان میں کسی قسم کی دلچسپی ہے جبکہ لائبریری کو چلانے کے لیے رائج ''لائبریری انفارمیشن سسٹم'' بھی وہاں موجود نہیں۔واضح رہے کہ یہ عمارت تقسیم ہند سے 82 برس قبل برطانوی راج کے زمانے میں 1865 میں تعمیر ہوئی تھی۔''میڈیا'' کی جانب سے فیریئر ہال میں قائم اس لائبریری کے دورے کے موقع پر اس بات کا انکشاف ہوا کہ اب وہاں کوئی لائبریرین بھی موجود نہیں جو خاتون لائبریرین تھی وہ تقریباً دو ماہ قبل ریٹائر ہوچکی ہیں اور ملک کا یہ عظیم ورثہ محکمہ جاتی سربراہ سے بھی خالی ہے۔وہاں موجود ایک ملازم نے ''ایکسپریس'' کو نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ دستیاب معلومات کے مطابق فیریئر ہال لائبریری کے لیے آخری بار کتابوں کی خریداری سن 2008 میں کی گئی تھی جس کے بعد سے ڈونیشن کی صورت میں تو کچھ کتابیں لائبریری کا حصہ بنی ہیں تاہم حکام کی جانب سے کوئی نئی کتاب لائبریری کے لیے نہیں دی گئی اور ذرائع کہتے ہیں کہ سندھ حکومت کی جانب سے ہر سال اس لائبریری کے لیے 12 لاکھ روپے کتابوں کی خریداری سمیت دیگر مدوں میں مختص کیے جاتے ہیں تاہم وہ رقم کہا جاتی ہے اس بارے میں کوئی نہیں جانتا۔

بقیہ 44

ترجمان کے مطابق گزشتہ شام نوشہرہ کلاں پولیس کو اطلاع ملی کہ معراجی پایاں میں 10 سالہ بچی کھنڈر نما مکان میں زخمی حالت میں پڑی ہے جس کے بعد بچی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فوری موقع پر پہنچ گئے۔میڈیکل رپورٹ کے مطابق بچی کے ساتھ زیادتی نہیں ہوئی۔بچی کے سر پر وار کر کے اسے شدید زخمی کیا گیا۔ڈی پی او نے ایس پی انوسٹی گیشن وقار خان کی سربراہی میں انوسٹی گیشن ٹیم تشکیل دے کر ملزمان کی گرفتاری اور اصل حقائق منظر عام پر لانے کے احکامات جاری کر دیئے۔تفتیشی ٹیم اور کرائم سین یونٹ نے شواہد اکٹھے کرکے تفتیش شروع کردی۔

بقیہ 45

انجینئر خالد ٹیپو عبدالحمید تونسوی سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی طرف سے کفایت شعاری مہم کا اعلان خوش آئند ہے لیکن اس کے حوالے سے عملی اقدامات کیے جانے چاہئیں تاکہ عوام کو اس مہم پر عملدرآمد ہوتا نظر آئے، ہمارے پاس معاشی بحالی پر توجہ دینے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے، سیاسی افراتفری کا خاتمہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔

بقیہ 46

میں پیش نہیں ہوسکیں گے۔عمران خان کے وکیل نے ساعت 5 دن کے لیے ملتوی کرنے کی استدعا کی۔تاہم، الیکشن کمیشن کے وکیل نے سماعت ملتوی کرنے کی مخالفت کردی۔وکیل الیکشن کمیشن نے کہا کہ یہ عدالت کا مسئلہ نہیں عمران خان کہاں سے آرہے ہیں، یہ عدالت میں پیش ہی نہیں ہونا چاہتے لیکن ہم اس کیس پر ہر دن ساعت کے لیے تیار ہیں، عمران خان دوسری عدالتوں میں پیش ہو رہے ہیں تو اس عدالت میں کیوں نہیں؟ وکیل عمران خان نے کہا کہ میں آج عمران خان کو عدالت میں پیش کرنے کے قابل نہیں ہوں، اگر عمران خان عدالتی وقت میں جوڈیشل کمپلیکس سے نکل آئے تو ہم پیش ہو جائیں گے۔

بقیہ 47

لانے میں ناکام رہی اور یونیورسٹی میں دونوں گروپوں کے درمیان کسی بھی وقت خونریز تصادم کی افواہوں کی وجہ سے طلباء وطالبات خوف وہراس کا شکار تھے۔بنیادی طور پر ان گروپوں میں صورتحال کشیدہ ہونے کی وجہ سامنے آئی ہے کہ پختون کونسل کے طلباء نے خود کو زیادہ مضبوط اور طاقتور ہونے کا یونیورسٹی میں تاثر پھیلایا اور اس سے دیگر طلباء وطالبات کو مرعوب کرنے کے لئے بلوچ کونسل کے ساتھ وابستگی رکھنے والے طالب علموں کے ساتھ مبینہ بدتمیزی معمول بنالیا اور حتی کہ طاقت کے زعم میں بلوچ کونسل کے چند طلباء کو گالیاں دیں اور تشدد کا نشانہ بھی بنایا جس پر دونوں گروپوں میں ایک ہفتہ قبل تصادم ہوا۔پختون کونسل کے زیادہ تعداد میں طالب علم اور بیرونی عناصر جمع ہوئے اور اسوقت بلوچ کونسل کے طلباء پرانکا پلڑا بھاری رہا۔سابقہ لڑائی اور گالیاں دینے کا پختون کونسل سے بدلہ لینے اور حساب برابر کرنے کے لئے بلوچ کونسل کے طلباء سوموار کو یونیورسٹی میں جمع ہوئے جن کے ساتھ ساتھ انکے حریف پختون کونسل کے ساتھ وابستگی رکھنے والے طلباء بھی بڑی تعداد میں جمع ہوگئے۔پھر بھی یونیورسٹی انتظامیہ نے خاطر خواہ نوٹس نہ لیا جس کی وجہ سے یونیورسٹی کے اندر دونوں گروپوں میں ایک مرتبہ پھر خوفناک تصادم ہوگیا جس میں یونیورسٹی میں خوف وہراس پھیل گیا اور خاص طور پر طالبات چیخیں مارتی ہوئی خود کو بچانے کے لئے محفوظ جگہ پر پناہ لینے کو بھاگتی بتائی گئی ہیں۔تصادم خطرناک صورتحال اختیار کرجانے پر یونیورسٹی انتظامیہ نے متعلقہ تھانہ سیکرٹریٹ کو اطلاع دی لیکن تھانہ سیکرٹریٹ پولیس حالات کو کنٹرول کرنے میں ناکام رہی تو پولیس کی مزید کمک تھانہ کوہسار سے بلوائی گئی جو ایس ایچ او تھانہ کوہسار عدیل شوکت کی سربراہی میں یونیورسٹی کے اندر پہنچی تو شرپسند عناصر کی جانب سے پولیس پر شدید پتھراؤ کیا گیا جس میں ایس ایچ او تھانہ کوہسار عدیل شوکت زخمی ہوگئے جنہیں پمز منتقل کردیا گیا جبکہ دونوں گروپوں کے چھ طالب علم زیادہ زخمی بتائے گئے ہیں۔اس ضمن میں متعلقہ سٹی زون کے ایک آفیسر نے ایکسپریس کے رابطہ پر تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ دونوں گروپوں میں کشیدگی کئی روز سے جاری تھی اور تازہ واقعے کی وجہ سے یونیورسٹی انتظامیہ نے تاحکم ثانی یونیورسٹی بند کردی ہے۔انہوں نے بتایا کہ تصادم کے دوران زخمی طالب علموں کو ہسپتال منتقل کرنے کے لئے منگوائی گئی ایمبولینس پر بھی پتھراؤ اور توڑ پھوڑ کی گئی۔ایک سوال پر انکا کہنا تھا کہ چند سالوں سے آئے روز قائد اعظم یونیورسٹی میں خونریز تصادم معمول بن چکے ہیں جس کے لئے یونیورسٹی کے طلباء وطالبات کے لئے پرامن تعلیمی ماحول پیدا کرنے کی خاطر اب یہ ناگزیر ہو چکا ہے کہ پولیس کو نہ صرف یونیورسٹی انتظامیہ اپنا پورا کام کرنے دے بلکہ یونیورسٹی میں امن کو تہہ و بالا کرنے والے طالب علموں کی نشاندہی کرے تا کہ یونیورسٹی کے اندر امن قائم کیا جاسکے۔ایک سوال پر انکا کہنا تھا کہ قائد اعظم یونیورسٹی میں طلباء کو چرس سمیت دیگر منشیات کی ترسیل کا بھی خدشہ ہے کیونکہ چند سالوں میں نوجوانوں میں آئے روز خوفناک جھگڑے معمول بن چکے ہیں، جس میں عدم برداشت کا ایک بنیادی پہلو نوجوانوں میں تیزی کے ساتھ بڑھتی ہوئی نشہ کی لعنت بھی ہے۔

بقیہ 48

بنانے کیلئے علاقہ معززین، علماکرام، نمبرداران اور منتخب نمائندوں کے ساتھ ملکر کام کریں اور لوگوں کو بھی اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کیلئے قائل کریں۔

بقیہ 49

نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم شفاعت کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 50

سردار اعجاز خان بلوچ نے سرانجام دیئے اس موقع پر سرپرست اعلی ملک رہنواز گھیلا، اڈا انسپکٹر اختر باجوہ، جنرل سیکرٹری ملک ابوبکر اعوان، وائس چیئرمین چوہدری محمد سرور، نائب صدر ظفر حیات، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ندیم انجم، سینئر نائب صدر مولوی ارشاد احمد، سیکرٹری اطلاعات ملک اشرف کمبوہ، پریس سیکرٹری چوہدری توصیف احمد، جوائنٹ سیکرٹری ملک احمد خان کھوکھر، جنرل بس اسٹینڈ انتظامیہ اور سٹاف ممبران سمیت دکانداران اور ٹرانسپورٹرز کی کثیر تعداد موجود تھی، مقررین نے شرکاء تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک محمد ظفر نے اپنی سروس کے دوران جس لگن اور محنت سے کام کیا اسے ہمیشہ یادرکھا جائے گا ایسے لوگ کسی بھی ادارہ کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں اس موقع پر ایڈمنسٹریٹر جنرل بس اسٹینڈ ملک محمد طاہر اور صدر راجہ یعقوب جنجوعہ نے ان کی ادارہ کے لیے گراں قدر خدمات کے اعتراف میں یادگاری شیلڈز اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا اور پھولوں کے گلدستے پیش کیئے۔راجہ محمد یعقوب جنجوعہ نے کہا کہ انتظامیہ کے افسران اور انجمن تاجران کے تعاون سے آج ایشیاء بھر میں سرگودھا جنرل بس اسٹینڈ اپنی خاص پہچان رکھتا ہے تاجروں کے بھرپور اعتماد پر انکے مشکور ہیں انشاء آئندہ بھی تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کے مسائل کو حل کرنے میں کوئی کسر اٹھانہ رکھیں گے چند شرپسند عناصر ذاتی مفادات کی خاطر دکانداران میں پھوٹ ڈالنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں ان کے مذموم مقاصد کبھی کامیاب نہیں ہونگے انجمن تاجران ہرقدم پر اپنے دکاندار اور ٹرانسپورٹرز بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی تقریب کے اختتام پر اڈا انتظامیہ کے ممبران میں تعریفی سرٹیفکیٹ تقسیم کیئے گئے۔

بقیہ 51

جابر حسین سے 250 گرام چرس، کہوٹہ پولیس نے ملزم نبیل سے 250 گرام چرس، صدرواہ پولیس نے ملزم سجاد سے 10 لیٹر شراب، صدر بیرونی پولیس نے ملزم آصف سے 20 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

بقیہ 52

میں صدر ڈویژن کے تمام ایس ایچ اوز نے شرکت کی، ایس پی صدر نے فرداً فرداً تمام تھانوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ تھانے کی سطح پر سروس ڈیلیوری کو یقینی بنایا جائے، کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران مقدمات کی میرٹ پر تفتیش اور بروقت چالان کو یقینی بنائیں، جرائم کی روک تھام اور ملزمان کی گرفتاری کے لئے مربوط حکمت عملی کے تحت کام کیا جائے، متحرک گینگز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے، اشتہاریوں کی گرفتاری کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، ایس ایچ اوز تھانوں کے ریکارڈ کی تکمیل کو یقینی بنائیں، موثر تفتیش اور پیروی مقدمہ سے ہی ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوائی جاسکتی ہے۔

بقیہ 53

سے 15 پتنگیں اور ڈوریں، ائیرپورٹ پولیس نے ملزم عمر سے 16 پتنگیں، صدرواہ پولیس نے ملزم نبیل سے 250 پتنگیں اور 12 ڈوریں، گوجرخان پولیس نے ملزم اسماعیل سے 35 پتنگیں، ملزم کیف سے 30 پتنگیں، ملزم ندیم سے 50 پتنگیں اور ڈوریں، ملزم عرفان سے 50 پتنگیں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 54

ملزم نے ماں جیسی بزرگ خاتون کے کانوں سے بالیاں نوچ کرانسانیت کو شرمندہ کیا۔

بقیہ 55

تھیلے میدہ برآمد کیا گیا، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی

بقیہ 56

کے مطابق انچارج بیگر اسکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے، 09 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہو کر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہے، عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی۔

الیکشن کمیشن آزاد نہیں حکومت کے اشاروں پر چل رہا ہے، سراج الحق

پی ڈی ایم اور پی ٹی آئی کی لڑائی ذاتی مفادات کیلئے ہے، پی ڈی ایم اور تحریک انصاف آئی ایم ایف کے غلام ہیں، یہ دونوں سیاسی دہشت گرد ہیں

مہنگائی اس نہج پر پہنچ چکی ہے کہ لگتا ہے سانس لینے پر بھی ٹیکس لگ جائے گا، خیبر پختونخوا میں سکیورٹی کی صورت حال خراب ہے، بھتہ خوری جاری ہے

چارسدہ (نامہ نگار) جماعت اسلامی کے مرکزی امیر اور سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن آزاد نہیں ہے اور حکومت کے اشاروں پر چل رہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ الیکشن کمیشن اپنے فرائض میں ناکام ہو چکا ہے، ان کا کام سپریم کورٹ کر رہا ہے، سپریم کورٹ الیکشن کا ایک ساتھ اعلان کرے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم اور پی ٹی آئی کی لڑائی ذاتی مفادات کیلئے ہے، پی ڈی ایم اور تحریک انصاف آئی ایم ایف کے غلام ہیں، یہ دونوں سیاسی دہشت گرد ہیں۔ سراج الحق کا مزید کہنا تھا کہ مہنگائی اس نہج پر پہنچ چکی ہے کہ لگتا ہے سانس لینے پر بھی ٹیکس لگ جائے گا، خیبر پختونخوا میں سکیورٹی کی صورت حال خراب ہے، بھتہ خوری جاری ہے۔ اپنے ایک بیان میں امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ الیکشن کمیشن اپنے فرائض میں (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: پنجاب، کے پی انتخابات: پی ڈی ایم نے فل کورٹ کی درخواست واپس لے لی

آئین کی بالادستی کیلئے آخری حد تک جائیں گے، فواد چوہدری

انہوں نے کہا یہ جو حاضریاں ہیں یہ عمران خان کے لئے ازخود ایک بہت بڑا سیکیورٹی تھریٹ ہے

نکہ ان کو ایسے مقامات پر بلایا جا رہا ہے جہاں ان پر حملے ہوسکتے ہیں اور اس کی مذمت بھی کرتے ہیں، بق وفاقی وزیر

لاہور (اسپیشل رپورٹر) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ آئین کا تحفظ ہر پاکستانی کا فرض ہے اور آئین کی بالادستی کے لیے آخری حد تک جائیں گے۔ انہوں نے کہا یہ جو حاضریاں ہیں یہ عمران خان کے لئے ازخود ایک بہت بڑا سیکیورٹی تھریٹ ہے جبکہ پہلے ان پر ایک قاتلانہ حملہ ہو چکا ہے اور اب عدالت میں پیشی سے نا صرف عمران خان بلکہ ان کے ساتھ آنے والے ہزاروں لوگوں کی سیکیورٹی کو خطرہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ معاملات با آسانی ویڈیو لنک پر ہوسکتے تھے لیکن مجھے نہیں سمجھ آرہی کہ کیوں عمران خان کو ایکسپوز کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ ان پر ایک اور حملہ ہو۔ فواد چوہدری نے کہا کہ عمران خان کی عدالت میں حاضری پر تحریک انصاف کو شدید تشویش ہے کیونکہ ان کو ایسے مقامات پر بلایا جا رہا ہے جہاں ان پر حملے ہوسکتے ہیں (بقیہ نمبر 29)


چارسدہ: الیکشن کمیشن آزاد نہیں، حکومت کے اشاروں پر چل رہا ہے: سراج الحق

عمران خان کی جان کو خطرہ ہے، عوام سڑکوں پر نکلیں، مسرت چیمہ

عمران خان کو نقصان پہنچانا پاکستان کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے

آج پاکستان کی تاریخ میں ایسا دن ہے، آج پاکستان کی معیشت خطرے میں ہے

لاہور (خصوصی خبر نگار) پی ٹی آئی رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ آج عمران خان کی زندگی کو خطرہ ہے، اگر عمران خان کو کوئی نقصان پہنچا تو کون ذمہ دار ہوگا؟ انکو کچھ ہوا تو عوام خود بخود سڑکوں پر نکلیں۔ پاکستان تحریک انصاف کی رہنما مسرت جمشید چیمہ نے زمان پارک کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج پاکستان کی تاریخ میں ایسا دن ہے، آج پاکستان کی معیشت خطرے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی عوام پر ترس کھایا جائے، آج انشاء اللہ سپریم کورٹ الیکشن کی تاریخ دے (بقیہ نمبر 32)

خضدار اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 3 اعشاریہ 5 ریکارڈ کی گئی

زلزلے قدرتی آفت ہیں، جن کے باعث دنیا بھر میں لاکھوں افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں

خضدار (اسپیشل رپورٹر) بلوچستان کے ضلع خضدار اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق زلزلے کے جھٹکے محسوس ہونے پر لوگوں میں خوف وہراس پھیل گیا اور لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ اس حوالے سے زلزلہ پیما مرکز کا کہنا ہے کہ ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 3 اعشاریہ 5 ریکارڈ کی گئی ہے جبکہ زیر زمین گہرائی 40 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی ہے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز خضدار سے 150 کلومیٹر شمال مغرب میں (بقیہ نمبر 31)

لاہور: کرپشن ثابت ہو تو علامہ اقبال چوک میں پھانسی دی جائے، عثمان ڈار

پشاور، سکول لیڈرز کی ڈیوٹی سے متعلق نئی ہدایات جاری

سکول لیڈرز اپنے متعلقہ سکولز میں کم از کم 4 گھنٹے تک موجود ہوں گے

پشاور (اسپیشل رپورٹر) محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم پشاور نے سکول لیڈرز کی ڈیوٹی سے متعلق نئی ہدایات جاری کردی ہے اس سلسلے میں ایجوکیشن ڈائریکٹوریٹ سے جاری مراسلے کے مطابق سکول لیڈر اساتذہ روزانہ کی بنیاد پر سب ڈویژنل ایجوکیشن آفس میں ٹیچرز کے حاضری رجسٹر میں اپنی حاضری اور اخراج کا اندراج کریں گے، سکول لیڈرز اپنے متعلقہ سکولز میں کم از کم 4 گھنٹے تک موجود ہوں گے اور اپنا پلان روزانہ کی بنیاد پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اور سب ڈویژنل ایجوکیشن آفیسرز کے ساتھ شیئر کریں گے اور (بقیہ نمبر 33)

اٹلی میں پاکستان کا سفارتخانہ کشتی حادثے کے معاملے کو سنجیدگی سے دیکھ رہا ہے۔ دفتر خارجہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) دفتر خارجہ کی ترجمان ممتاز زہرہ بلوچ نے کہا ہے کہ اٹلی میں پاکستان کا سفارتخانہ اتوار کے روز اٹلی کے سمندر میں ڈوبنے والی کشتی پر سوار پاکستانیوں کے معاملے کو سنجیدگی سے دیکھ رہا ہے۔ ایک ٹویٹ میں انہوں نے (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد، بینکنگ کورٹ نے بھی عمران خان کی ضمانت منظور کر لی

بینکنگ کورٹ کی جج رخشندہ شاہین نے درخواست پر فیصلہ سنا دیا

ممنوعہ فنڈنگ کیس میں عمران خان کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست منظور

اسلام آباد (خبر نگار) بینکنگ کورٹ نے بھی عمران خان کی ضمانت منظور کر لی۔ بینکنگ کورٹ کی جج رخشندہ شاہین نے درخواست پر فیصلہ سنا دیا۔ عمران خان کی ممنوعہ فنڈنگ کیس میں عمران خان کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست منظور کر لی۔ اس سے قبل چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان اے ٹی سی اسلام آباد میں پیش ہوئے، عمران خان کو عقبی دروازے سے اے ٹی سی اسلام آباد پہنچایا گیا، جہاں عمران خان نے تھانہ سنگجانی میں درج مقدمہ میں ضمانت کی درخواست دائر کی تھی، پیش ہونے پر اے ٹی سی اسلام آباد نے عمران خان کی عبوری ضمانت منظور کر لی، عدالت نے اس سے قبل عمران خان کی عدم حاضری پر درخواست ضمانت مسترد کر دی تھی۔ ادھر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ظفر اقبال نے لیگی رہنما محسن شاہنواز رانجھا کی مدعیت میں توشہ خانہ ریفرنس فیصلے کے بعد احتجاج کے تناظر میں عمران خان کے خلاف اقدام قتل کی دفعہ میں تھانہ سیکرٹریٹ میں درج مقدمے کی سماعت کی۔ عمران خان کو عقبی دروازے سے اے ٹی (بقیہ نمبر 35)

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج طارق ایوب اور سول جج قمر کا ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج طارق ایوب اور سول جج قمر نے ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ کیا۔ سپرنٹنڈنٹ جیل چوہدری اصغر علی، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ شہزاد فاروق اور دیگر جیل افسران بھی موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ (بقیہ نمبر 36)

پنجاب کے مختلف شہروں میں بارش، سردی کی شدت میں اضافہ

صوبائی دارالحکومت اور اس کے ملحقہ علاقوں میں ٹھنڈی ہواؤں کے ساتھ ہونے والی بارش نے موسم کو سرد کر دیا

لاہور (جنرل رپورٹر) صوبائی دارالحکومت اور اس کے ملحقہ علاقوں میں ٹھنڈی ہواؤں کے ساتھ ہونے والی بارش نے موسم کو سرد کر دیا جبکہ محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ صوبہ پنجاب کے مختلف شہروں لاہور، نارووال، چنیوٹ، شیخوپورہ، حافظ آباد، مریدکے، کندیاں، سانگلہ ہل، کمالیہ، کالا شاہ کاکو، فاروق آباد اور ان کے ملحقہ علاقوں میں بھی بارش ہوئی۔ دریں اثنا محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران شمالی بلوچستان، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر (بقیہ نمبر 37)

الیکشن کمیشن کا ملک میں عام انتخابات کی تیاریوں کیلئے اہم اقدام

الیکشن میں رزلٹ مینجمنٹ سسٹم کے استعمال کیلئے ملازمین کی ٹریننگ شروع

الیکشن کمیشن نے صوبائی الیکشن سے قبل پرانے آر ایم ایس پر ایک دن کی مشق کا بھی فیصلہ کیا ہے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ملک میں عام انتخابات کی تیاریوں کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے الیکشن میں رزلٹ مینجمنٹ سسٹم کے استعمال کیلئے ملازمین کی ٹریننگ شروع کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے ریجنل الیکشن کمشنرز کو مراسلہ لکھ دیا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے آئندہ عام انتخابات میں رزلٹ مینجمنٹ سسٹم (آر ایم ایس) کے استعمال کے لئے ملازمین کو آر ایم ایس کے حوالے سے ٹریننگ دینے کا آغاز کرنے کا فیصلہ کر لیا، الیکشن کمیشن نے صوبائی الیکشن سے قبل پرانے آر ایم ایس پر ایک دن کی مشق کا بھی فیصلہ کیا ہے، اس سلسلے میں صوبائی الیکشن کمیشن آف خیبر پختونخوا نے تمام ریجنل الیکشن کمشنرز کو مراسلہ لکھ دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ صوبائی الیکشن کمیشن نے آر ایم ایس پر فرائض انجام دینے والے آپریٹرز کے لئے فہرست جاری کرتے ہوئے مراسلے میں کہا ہے کہ آج صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک قومی اسمبلی کی 51 نشستوں میں رزلٹ مینجمنٹ سسٹم کے استعمال کی مشق کی (بقیہ نمبر 38)

سندھ ہائیکورٹ نے کراچی میں 16 مارچ کو ہونے والے ضمنی الیکشن روکنے کی استدعا مسترد کر دی

کراچی (نیوز رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے کراچی میں 16 مارچ کو ہونے والے ضمنی الیکشن روکنے کی استدعا مسترد کر دی۔ سندھ ہائی کورٹ میں پی ٹی آئی کراچی کے مستعفی ایم این ایز کی استعفوں کی منظوری کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے درخواست پر مزید سماعت اکیس مارچ تک ملتوی کرتے ہوئے الیکشن کمیشن، اسپیکر و دیگر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ درخواست گزار کے وکیل شہاب امام ایڈووکیٹ نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی نے استعفوں (بقیہ نمبر 39)

بچوں کے حفاظتی ٹیکہ جات کا کورس بیماریوں سے تحفظ کے لیے اہم ہے، انسداد پولیو پروگرام

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) بچوں کے حفاظتی ٹیکہ جات کا کورس بیماریوں سے تحفظ کے لیے اہم ہے۔ انسداد پولیو پروگرام کی جانب سے جاری ٹویٹ میں کہا گیا کہ اپنے بچوں کی صحت مند زندگی کے لیے قریبی صحت کے مرکز سے مکمل معلومات حاصل کر کے "ابتدائی حفاظتی ٹیکہ جات" کا کورس بروقت مکمل کروائیں۔ مزید معلومات کے لیے 1166 پر کال کریں۔ بچوں کے حفاظتی ٹیکہ جات (بقیہ نمبر 40)

اٹلی حادثہ، پاکستانی سفارتی عملے کی کشتی حادثے میں ریسکیو کیے گئے پاکستانیوں سے ملاقات

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستانی سفارتی عملے نے ترکیہ سے اٹلی جانے والے غیر قانونی مہاجرین کی کشتی کو پیش آئے حادثے میں ریسکیو کیے گئے پاکستانیوں سے ملاقات کی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اٹلی میں پاکستان کے سفیر علی جاوید نے کہا تھا کہ کشتی حادثے میں کتنے پاکستانی جاں بحق ہوئے، ابھی تصدیق نہیں کر سکتے۔ علی جاوید نے بتایا کہ کلابریا کے ساحل پر کشتی ڈوبنے کے (بقیہ نمبر 41)

عمران گرفتاری سے بچنے کیلئے عدالت جلوس کیساتھ پیش ہو رہے ہیں، شیری رحمان

ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ پہلے لاہور اور آج اسلام آباد ہائی کورٹ میں تماشہ لگایا جا رہا ہے

واضح طور پر عمران خان کو خصوصی مراعات دی جا رہی ہیں، عدالت عام مجرم اور خاص مجرم کا تاثر پیدا کر رہی ہے، شیری رحمان

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما اور سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ عمران خان عدالت پر اثر انداز ہونے اور گرفتاری سے بچنے کیلئے جلوس اور مظاہرے کے ساتھ پیش ہو رہے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ پہلے لاہور اور آج اسلام آباد ہائی کورٹ میں تماشہ لگایا جا رہا ہے، تحریک انصاف کی جانب سے جوڈیشل کمپلیکس میں مظاہرہ اور توڑ پھوڑ قابل تشویش اور توہین عدالت کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت اس منظم مظاہرے اور حملے کا نوٹس لے، عدالت کو ہر بار ایک ثابت شدہ چور کی پیشی کیلئے انتظار نہیں کرنا چاہیے۔ شیری رحمان (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد: عمران گرفتاری سے بچنے کیلئے عدالت جلوس کیساتھ پیش ہو رہے ہیں، شیری رحمان

ساہیوال: ن لیگ ملک کی بڑی جماعت، خدمت کی ذمہ داری بھی زیادہ ہے، مریم نواز

قومی ورثہ قرار دیے گئے فیریئر ہال کی لائبریری آثار قدیمہ میں تبدیل

12 سال سے کتابوں کی خریداری نہیں ہوئی جبکہ بالائی حصہ بند کر دیا گیا

کراچی (خصوصی رپورٹر) شہر قائد کے قلب میں قائم قدیم ترین فیریئر ہال لائبریری حکومتوں کی عدم توجہی کے سبب آثار قدیمہ میں تبدیل ہوگئی ہے اور مرمت و دیکھ بھال کا کام نہ ہونے کے سبب آثار قدیمہ میں تبدیل فیریئر ہال لائبریری بھی زبوں حالی کا شکار ہے۔ لائبریری کا ایک گوشہ اب محض سی ایس ایس کے تیاری کا مرکز بن چکا ہے جبکہ باقی وسیع و عریض لائبریری چند طلبہ کے لیے مطالعہ گاہ سے زیادہ نہیں ہے کیونکہ لائبریری کے لیے کم از کم گزشتہ 12 سال سے کتابوں کی خریداری نہیں کی گئی اور جو کتابیں موجود ہیں ان میں سے اکثر مختلف شعبوں میں نئی تحقیق اور تجربوں کے سبب اب متروک obsolete ہو چکی ہیں۔ قیمتی لکڑیوں سے بنایا گیا لائبریری کا بالائی حصہ کتابوں اور لکڑیوں میں دیمک لگنے اور (بقیہ نمبر 43)

ڈی پی او نوشہرہ کا معراجی پایان واقعہ کا نوٹس، انوسٹی گیشن ٹیم تشکیل دے دی

پشاور (نیوز رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) نوشہرہ ناصر محمود نے معراجی پایان واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ایس پی انوسٹی گیشن کی سربراہی میں تفتیشی ٹیم تشکیل دے دی۔ ضلعی پولیس (بقیہ نمبر 44)

ڈپٹی کمشنر بگرام کی زیر صدارت مردم شماری کے سکیورٹی پلان کے حوالے اجلاس کا انعقاد

بگرام (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر بگرام تنویر الرحمن کی زیر صدارت یکم مارچ 2023 سے شروع ہونے والی مردم شماری کے لئے سکیورٹی پلان، آرمی اور پولیس کی تعیناتی کیا سے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن اینڈ ویجیلنس کمیٹی کی ایک اہم اجلاس منعقد ہوئی جس میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سونیہ شمروز، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ریسکیو 1122، ٹی ایم اوز، نمائندہ محکمہ تعلیم، نمائندہ نادرہ اور نمائندہ محکمہ شماریات نے شرکت کی، ڈپٹی کمشنر نے تمام شرکاء کو ہدایت کی کہ اس مہم کو کامیاب (بقیہ نمبر 48)

سیاسی جماعتیں مذاکرات کے ذریعے مسائل کو حل کریں، مولانا اعظم حسین

ہمارے پاس معاشی بحالی پر توجہ دینے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے

لاہور (جنرل رپورٹر) جمعیت علما اسلام (س) کے مرکزی سالار و امیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش بحرانوں پر قابو پانے کیلئے سیاسی استحکام لانا ہوگا، معاشی بحالی کیلئے سیاسی افراتفری کا خاتمہ اور سیاسی جماعتیں مذاکرات کے ذریعے مسائل کو حل کریں، موجودہ صورتحال میں تمام سیاسی قوتیں مل بیٹھ کر ملک کو درپیش مسائل کا حل تلاش کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری (بقیہ نمبر 45)

طلباء تنظیموں کا تصادم؛ قائداعظم یونیورسٹی میں رینجرز تعیناتی کے لیے خط

قائداعظم یونیورسٹی میں طلباء کو چرس سمیت دیگر منشیات کی ترسیل کا بھی خدشہ ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) قائداعظم یونیورسٹی میں طلباء تنظیموں کے تصادم کے باعث وائس چانسلر نے رینجرز تعیناتی کے لیے سیکرٹری داخلہ کو خط لکھ دیا۔ قائم مقام وائس چانسلر نے خط میں کہا کہ امن و امان قائم ہونے تک رینجرز تعینات کی جائے، یونیورسٹی میں آؤٹ سائیڈرز اور شدت پسندوں کو نکالنا ہے۔ قائداعظم یونیورسٹی کو گزشتہ روز تا حکم ثانی بند کر دیا گیا تھا۔ وفاقی دارالحکومت میں قائداعظم یونیورسٹی میں دو طلبہ گروپوں پختون کونسل اور بلوچ کونسل میں ایک ہفتہ کے اندر دوسرے خوفناک تصادم میں چھ سے زائد طالب علم زخمی ہوگئے جبکہ ایس ایچ او تھانہ کوہسار عدیل شوکت بھی طلباء گروپوں کے تصادم میں زخمی ہوگئے ہیں جنہیں پمز منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع نے میڈیا کو بتایا ہے کہ پختون اور بلوچ کونسل کے طلباء کے مابین کئی روز سے صورتحال کشیدہ تھی، جس میں ایک ہفتہ قبل دونوں گروپوں کے مابین پہلے بھی ایک تصادم ہو چکا ہے، جس میں یونیورسٹی انتظامیہ دونوں گروپوں کے درمیان حالات کو معمول پر (بقیہ نمبر 47)

توشہ خانہ فوجداری کیس: عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ظفر اقبال نے وارنٹ جاری کیے ہیں، عمران خان کو عدالت نے آج طلب کر رکھا تھا

سیشن جج ظفر اقبال نے ریمارکس دیے کہ عمران خان کو بار بار موقع دیا لیکن وہ پیش نہ ہوئے، لہٰذا وارنٹ گرفتاری پر عمل درآمد کیا جائے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) توشہ خانہ ریفرنس کے فوجداری کارروائی کیس میں پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے گئے۔ عدالتی احکامات کے باوجود عمران خان سیشن کورٹ پیش نہیں ہوئے، جس پر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ظفر اقبال نے وارنٹ جاری کیے ہیں۔ عمران خان کو عدالت نے آج طلب کر رکھا تھا۔ سیشن جج ظفر اقبال نے ریمارکس دیے کہ عمران خان کو بار بار موقع دیا لیکن وہ پیش نہ ہوئے، لہٰذا وارنٹ گرفتاری پر عمل درآمد کیا جائے۔ کیس کی سماعت 7 مارچ تک ملتوی کر دی گی۔ ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے جانے کے بعد پی ٹی آئی کارکن سیشن کورٹ کے باہر جمع ہونے لگے ہیں۔ قبل ازیں، عمران خان کے وکیل علی بخاری اور الیکشن کمیشن کے وکیل سعد حسن عدالت پیش ہوئے۔ کیس کی سماعت ایڈیشنل سیشن جج ظفر اقبال نے کی۔ سماعت کے آغاز پر عمران خان کے وکیل نے پیشی کے لیے پانچ دن کی مہلت دینے کی استدعا کی تھی۔ دوران سماعت، وکیل علی بخاری اور الیکشن کمیشن کے وکیل سعد حسن کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ وکیل علی بخاری نے کہا کہ آپ الیکشن کمیشن کے وکیل ہیں اور وکیل ہی رہیں، ترجمان نہ بنیں، عمران خان کچھ دیر پہلے لاہور سے نکل پڑے ہیں۔ عمران خان نے جوڈیشل کمپلیکس کی دو عدالتوں میں پیش ہونا ہے اس لیے عمران خان آج اس عدالت (بقیہ نمبر 46)

لیہ: حاجی عبدالمجید خان نیازی، چوہدری اطہر مقبول امیدوار ایم پی، سردار قیصر عباس خان مگسی سٹیج پر موجود ہیں

حلقہ پی پی 282 سینٹر ولید اقبال جو کے لیہ جیل میں نظر بند ہیں انکو خراج تحسین پیش، پی ٹی آئی رہنماء

ہر فورم پر عمران خان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

حاجی عبدالمجید خان نیازی
چوہدری اطہر مقبول
سردار قیصر عباس خان مگسی

ہمارے لیڈر عمران خان کا حکم آیا ہم تحریک انصاف لیہ کی قیادت اور کارکنوں کے ساتھ جیل بھرو تحریک میں گرفتاری پیش کر دیں گے

حاجی عبدالمجید خان نیازی، ایم این اے حلقہ این اے 187 لیہ، چوہدری اطہر مقبول امیدوار ایم پی، سردار قیصر عباس خان مگسی کی میڈیا سے گفتگو

لیہ (چیف رپورٹر کاشف انوار) حاجی عبدالمجید خان نیازی، ایم این اے حلقہ این اے 187 لیہ، چوہدری اطہر مقبول امیدوار ایم پی، سردار قیصر عباس خان مگسی کی میڈیا سے گفتگو حلقہ پی پی 282 سینٹر ولید اقبال جو کے لیہ جیل میں نظر بند ہیں انکو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ کے پوتے جنہوں نے پاکستان کی سلامتی اور اپنے لیڈر عمران خان کے جیل بھرو تحریک کے وژن پر سب سے پہلے گرفتاری پیش کی، اور کہا کہ جب بھی ہمارے لیڈر عمران خان کا حکم آیا ہم تحریک انصاف لیہ کی قیادت اور کارکنوں کے ساتھ جیل بھرو تحریک میں گرفتاری پیش کر دیں گے ہر فورم پر عمران خان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

ملزم وسیم کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوا

03 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 03 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم وسیم کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوا، نصیرآباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم وسیم کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوا، آراے بازار پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم شفاعت کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 03 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم وسیم کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوا، نصیرآباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم وسیم کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوا، آراے بازار پولیس (بقیہ نمبر 49)

نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائی

میدے سے لدی 02 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام، ایس پی پوٹھوہار

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائی، میدے سے لدی 02 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 20 ٹن میدہ اور 420 تھیلے میدہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کاروائی کرتے ہوئے میدے سے لدی 02 گاڑیاں سمگل کرنے کی (بقیہ نمبر 55)

منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں

05 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں، 05 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے ملزم رومان سے 110 گرام چرس، جاتلی پولیس نے ملزم جابر حسین سے 250 گرام چرس، کہوٹہ پولیس نے ملزم نبیل سے 250 گرام چرس، صدر واہ پولیس نے ملزم سجاد سے 10 لیٹر شراب، صدر بیرونی پولیس نے ملزم آصف سے 20 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں، 05 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے ملزم رومان سے 110 گرام چرس، جاتلی پولیس نے ملزم (بقیہ نمبر 51)

انجمن تاجران جنرل بس اسٹینڈ کے زیر اہتمام ملک محمد ظفر کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر پروقار تقریب منعقد ہوئی

سرگودھا (اسپیشل رپورٹر) انجمن تاجران جنرل بس اسٹینڈ کے زیر اہتمام ملک محمد ظفر کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر پروقار تقریب منعقد ہوئی تقریب میں آر ٹی سیکرٹری، ایڈمنسٹریٹر جنرل بس اسٹینڈ سرگودھا ملک محمد طاہر نے خصوصی شرکت کی تقریب کی صدارت صدر انجمن تاجران جنرل بس اسٹینڈ راجہ یعقوب جنجوعہ نے کی جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض (بقیہ نمبر 50)

راولپنڈی پولیس کی پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کاروائیاں

راولپنڈی (نامہ نگار) راولپنڈی پولیس کی پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کاروائیاں، 09 ملزمان گرفتار، پتنگیں اور ڈوریں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد ملزم نعیم سے 17 پتنگیں، ملزم عارف سے 18 پتنگیں، ریس کورس پولیس نے ملزم معراج س (بقیہ نمبر 53)

ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کی صدر دفتر میں کرائم میٹنگ

تفتیشی افسران مقدمات کی میرٹ پر تفتیش اور بروقت چالان کو یقینی بنائیں

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کی صدر دفتر میں کرائم میٹنگ، صدر ڈویژن کے تمام ایس ایچ اوز کی شرکت، ایس پی صدر نے فرداً فرداً تمام تھانوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا، تھانے کی سطح پر سروس ڈیلیوری کو یقینی بنایا جائے، کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران مقدمات کی میرٹ پر تفتیش اور بروقت چالان کو یقینی بنائیں، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے گزشتہ رات صدر دفتر میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ (بقیہ نمبر 52)

راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 09 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری نا صرف مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہو کر ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی باعث بنتے ہیں۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 56)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035